بیاد حضرت میراں حسین زنجانی رحمۃ اللہ علیہ پیر بھائی حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ لاہور

A.B.C سے باقاعدہ منظور شدہ اشاعت

ماہنامہ روحانی آئینہ قسمت

جلد نمبر 69 JUNE 2016 شمارہ نمبر 03

بانی ادارہ منجم اعظم الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی قدس سرہ العزیز

جانشین خاندان زنجانیہ عالیہ

شہزادہ سیّد مصوّر علی شاہ زنجانی

شہزادہ سیّد محمد علی شاہ زنجانی

شہزادہ سیّد محسن علی شاہ زنجانی

بیرون ممالک سالانہ چندہ

مڈل ایسٹ 6500 روپے

انڈیا، ایران، سری لنکا 6500 روپے

یورپ، فار ایسٹ 7500 روپے

امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا 8500 روپے

قیمت 70 روپے

سالانہ چندہ 750 روپے

لائف ممبرشپ 9000 روپے

لائف ممبرشپ 1000 ڈالر For 12 Years

کاشانہ زنجانی 125-ڈی، گلبرگ 2
بالمقابل یونین کونسل حضرت میراں حسین زنجانی روڈ، نزد ناز مارکیٹ، لاہور 54660
Ph: 042-35752277 - 35872277
Mobile: 0300-9483758

کاشانہ زنجانی
نزد انصار برنی ٹرسٹ و ہمدرد دواخانہ
آرام باغ روڈ، کراچی-74200
Ph: 021-32217544

کاشانہ زنجانی راولپنڈی
19-A جی ٹی روڈ (جہلم روڈ)،
بالمقابل گالف کلب/آرمی ہاؤس،
عقب پی ایس او پٹرول پمپ
PH: 051-8732742
051-8732764

سید انتظار حسین زنجانی ایڈیٹر/ پبلشر نے حیدری پریس ریلوے روڈ لاہور سے چھپوا کر کاشانہ زنجانی 125-D گلبرگ 2 لاہور سے شائع کیا

حمد

ابن ظفر

یا رب ثنا میں کعبؓ کی دلکش ادا ملے
فتنوں کی دوپہر میں سکوں کی رِدا ملے
حسانؓ کا شکوہِ بیاں مجھ کو ہو عطا
تائیدِ جبریلؑ بوقتِ ثناء ملے
بوصیریؒ عظیم کا ہوں میں بھی مقتدی
بیماریٔ الم سے مجھے بھی شفا ملے
جامیؒ کا جذب، لہجۂ قدسیؒ نصیب ہو
سعدیؒ کا صدقہ، شعر کو اذنِ بقا ملے
مجھ کو عطا ہو زورِ بیانِ ظفر
محسن کی ندرتوں سے مرا سلسلہ ملے
جو مدحتِ نبیؐ میں رہا بامراد و شاد
اس کاروانِ شوق سے تائب بھی جا ملے

نعت

تاج اجمیری

آپؐ خیر الوریٰ آپؐ شاہِ اُمم
محترم محترم، محتشم محتشم
آپؐ کا مرتبہ مصطفیٰ مجتبیٰ
لوحِ محفوظ پر ہے ازل سے رقم
آپؐ آئے تو تکمیلِ خلقت ہوئی
عین ہستی ہوا جس قدر تھا عدم
آپؐ کے دم قدم سے ہے آراستہ
اخروی انجمن ہو کہ بزمِ قدم
آپؐ اول نبیؐ آخری بھی نبیؐ
دونوں عالم میں رحمت، لقب ذی حشم
آپؐ اُمی لقب، لائے اُمّ الکتب
علم کا شہر بن کر، خدا کی قسم
آرزو ہے یہی قلبِ مختار میں
آپؐ کی نعت کرتا رہے وہ رقم

سلام

مظہر بھوپالی

حسینؓ ابن علیؑ شائستہ آدابِ قرآنی
حسینؓ ابن علیؑ پروردۂ محبوب قرآنی
دیا شبیرؑ نے اس شان سے پیغام ربانی
کہ ہنگام شہادت لب پر تھی آیاتِ قرآنی
ہوئے برباد خیمے جل گئے گھر سے ہوئے بے گھر
تو پھر آلِ نبیؐ کو کس لیے کرتے ہو زندانی
بشارت ان کو یہ دے دو کہ بخشے جائیں گے مظہر
جہل سے دور ہو کر جب جو پڑھیں آیاتِ قرآنی

ادارہ منہاج الحسین جوہر ٹاؤن کے بانی اور سرپرست اعلیٰ ڈاکٹر محمد حسین اکبر کی سربراہی میں کربلا معلیٰ نجف اشرف اور بغداد شریف کی زیارت کرتے ہوئے زائرین کے مختلف انداز میں گروپ فوٹو

جون 2016ء
عالمی وسیاسی پیشگوئیاں

حکومتی ایوانوں میں انتظامی تبدیلیاں، مرکز صوبوں کے مابین سیاسی انتظامی رنجشیں۔ بلدیاتی نمائندہ کو مکمل اختیارات دینے کے لیے عوامی سیاسی دباؤ بڑھے، حکومت اپوزیشن کا ڈٹ کر مقابلہ کرے۔ ملکی معیشت سٹاک مارکیٹوں، مہنگائی پر بُرے اثرات رمضان کریم میں سیاسی افطاریوں کی بہتات۔ حکومت، اپوزیشن میڈیا مہنگائی، بداخلاقی، بدزبانی کی سیاست کی عدم روک تھام۔ احتسابی اور غیر سیاسی قوتیں حرکت میں کرسکتی ہیں۔

زائچہ اول: طالع منقلب سرطان تیزی سے بدلتے ہوئے سماجی سیاسی حالات کی نشاندہی کرتا ہے۔ زائچہ نیومون گیارہویں قمر طلوع ہوکر پارلیمنٹ، سینٹ، ایوانِ بالا، ایوانِ زیریں، مقننہ قانون سازی کے اداروں، دوست ممالک، اسٹاک ایکسچینج، اشرافیہ، تہذیب وثقافت، سوشل آرگنائزیشنز کی سبھی تقریبات جیسی سرگرمیوں میں اضافہ۔ مقابل پانچویں زحل ومریخ گیارہویں ناظر ہونے سے پارلیمنٹ میں اپوزیشن کی زبردست ہنگامہ آرائی خصوصاً کرپشن پر حکومت واشرافیہ کے خلاف اپوزیشن اور حکومت کا دباؤ بڑھے۔ اہم شخصیات کی شدید علالت اور زندگی کو خطرات لاحق ہوسکتے ہیں۔ مشتری اور راہو ملکی فنانس کے گھر میں گروچنڈال یوگ بنائے ہوئے جبکہ زحل پانچویں، ساتویں، گیارہویں اور دوسرے گھر کو ناظر ہونے کے سبب فطرتی فنانس کا حاکم مشتری دوسرے ہونے اور راہو زحل سے متاثر ہونے کے سبب جبکہ یہ مہینہ ملکی بجٹ کا مہینہ بھی متوقع ہے۔ ملکی ریونیو میں اضافہ کے لیے حکومت بعض ایسی اشیاء پر بھی ٹیکس لگائے، جس پر پہلے کمی ہو۔ تجارتی کاروباری طبقہ اور بنکوں اور کمرشل معاملات میں ٹیکس لگانے میں حکومت کو عوام اور اپوزیشن کی تنقید کا نشانہ بننا پڑے۔ خارجہ تعلقات اور ملک دشمن قوتیں دہشت گردوں اور ہمسایہ ممالک سے جھگڑے اور تنازعے بڑھ سکتے ہیں۔ دشمن ممالک ملکی اتحاد مرکز اور صوبوں کے مابین تنازعے پیدا کرنے کی سازشیں کریں۔ کرپشن زدہ اشرافیہ سیاست دانوں کے مزید سکینڈل سامنے آنے سے نئے الیکشن کروانے کی آوازیں بڑھیں۔ اسٹاک مارکیٹوں میں زبردست اُتار چڑھاؤ رہے۔ پانچویں دسویں کا مشترکہ حاکم مریخ 8-11-12ویں گھروں کو ناظر رہتے ہوئے ملکی معدنیات میں اضافہ، کرپشن میں ملوث پارلیمانی افراد کے احتساب اور ملک دشمن خفیہ قوتوں کی سرکوبی کے لیے سخت اقدامات کیے جائیں اور ہر قسم کی ملک دشمن قوتوں کو کیفر کردار تک پہنچانے کے لیے اپوزیشن عوام اور اسٹیبلشمنٹ، عدلیہ یا احتسابی اداروں کو مکمل سپورٹ کریں۔

قمر در عقرب

اس نحس وقت کی ابتداء 15 جون 18 بجکر 18 منٹ تا 18 جون 6 بجکر 34 منٹ تک رہے گی۔ اس دوران آئمہ معصومینؑ کے نزدیک کوئی بھی نیا کام شادی بیاہ کرنا ہرگز نیک نہیں ہے۔

زائچہ دوم: منقلب برج میزان ہونے سے حالات میں سیاسی تیزی کا عمل جاری رہے۔ سیاسی نجوم میں پہلا گھر پوری قوم کی عمومی حالت کی نشاندہی کرتے ہوئے طالع میں وبال یافتہ (رجعت) مریخ ساتویں دوسرے کا مشتر کہ حاکم ہوتے ہوئے طالع کے درجات کو ناظر ہونے سے ملکی مخدوش سیاسی صورتحال کی نشاندہی کرتا ہے۔ عوام اور سیاسی پارٹیوں کا حکومت کے خلاف بے اطمینانی، ہڑتال و مظاہرے، ہنگامے، آتش زدگی کے واقعات، جلسے جلوس، احتجاج جیسے حالات کی نشاندہی کرتا ہے۔ عوام میں وبائی امراض اور جرائم کی شرح اچانک بڑھے اور کئی ناخوشگوار واقعات کی روک تھام کے لیے افواج اور رینجرز کی خدمات لینی پڑیں۔ سربراہِ مملکت کا حاکم قمر دسویں سے چھٹے ہونے اور گیارہویں مشتری راہو کا گروچنڈال یوگ قائم کرنا حکومت کے خلاف عدم اعتماد کا اندیشہ۔ عوام میں حکومت کے بارے میں ناپسندیدگی بڑھے۔ مذہبی معاملات کے بل، تنازعات اور اچانک ہنگامہ آرائی کا باعث بنے۔ پارلیمانی امور میں وزراء اور وزیراعظم کے بارے میں عدم اعتماد کو تحریکیں آسکتی ہیں۔ چوتھے پانچویں کا حاکم زحل دوسرے آٹھویں عطارد سے مقابل جبکہ نویں بارہویں ہونے کے سبب ادبی اور ثقافتی فلمی اور پبلشنگ کے متعلق شخصیات متاثر ہوں اور خبروں کا موضوع بنے۔ ذرائع ابلاغ اور حکومتی اداروں میں انتظامی تبدیلیاں ضروری ہوں۔ جرائم کی شرح میں اضافہ کا اندیشہ جس سے بچے اور نوجوان بھی متاثر رہیں۔ قوم کی لوٹی ہوئی دولت اور سوئس بنکوں کے سکینڈل بھی خبروں کا حصہ رہیں، جس سے عوام میں بے چینی اور بے اطمینانی بڑھے۔

آئینہ قسمت

نواسہ رسولؐ مولا حسینؑ کا بلاوا

سرمہ ہے میری آنکھ کا خاکِ مدینہ و نجف

ابو عبداللہؑ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ آپؑ نے فرمایا: امام حسینؑ نے رسول اللہؐ سے دریافت کیا کہ جو آپؐ کی زیارت کرے، اُس کے لیے کیا اجر ہے؟ تو آپؐ نے فرمایا: بیٹا! جو شخص میری زندگی میں یا شہادت کے بعد میری زیارت کرے گا یا تمہارے باپ (علیؑ) کی یا تمہارے بھائی (حسنؑ) کی زیارت کرے گا یا تمہاری زیارت کرے گا تو مجھ پر حق ہو جاتا ہے کہ میں قیامت کے دن اُس کی زیارت کروں اور اِس کے گناہوں سے اُسے نجات دلاؤں۔ (کامل الزیارات۔ صفحہ نمبر 396۔ حدیث نمبر 10)

اِسی طرح حدیث میں ہے کہ سفر زیارت امام حسینؑ میں گزرنے والا وقت امام حسینؑ کے زائر کے لیے تحفہ ہے، اس کا حساب نہیں ہوگا

نوروز عالم افروز کے موقعہ پر کاشانہ زنجانی راولپنڈی مبارک باد کے ساتھ علامہ ڈاکٹر محمد حسین اکبر ربانی و سرپرست اعلیٰ ادارہ منہاج الحسینؑ کا لاہور سے فون آیا کہ روحانی سرکاری دعوت نامہ حرم مولا حسینؑ کی سعادت قبول فرمائیں۔ مجھ گنہگار سید محمد علی زنجانی کا نام بھی شامل ہے۔ مجھے اپنی خوش نصیبی پر یقین نہ آیا تو بزرگوار والد گرامی شاہ زنجانی فرمانے لگے 21-12-2012 دنیا کے خاتمہ کے عالمی مایا کیلنڈر پر پراپیگنڈہ کی جس طرح آپ نے نفی کرتے ہوئے 12 امامیہ جنتری کا آغاز کرتے ہوئے آئمہ معصومینؑ کی روشن نشانی حجت القائم امام زمانہ حضرت محمد مہدی علیہ السلام کی آمد کے انتظار میں جو شمع روشن کرتے ہوئے دنیا کو بتایا کہ جب تک بارھویں امام زمانہ کا ظہور پُرنور نہ ہوگا، تب تک دنیا کا خاتمہ ممکن نہ ہو سکے گا۔ آپ کے لیے مولا حسینؑ کے حرم سے بلاوا اسی پیغام رسانی کی سعادت کا نتیجہ ہے اور اس طرح آپ کے خادم محمد علی زنجانی کے لیے حضرت امام حسینؑ اور حضرت علیؑ اور امامین کاظمین اور امامین عسکرین علیہم السلام کی بارگاہ میں حاضری ہماری حضوری بن گئی۔ علامہ ڈاکٹر محمد حسین اکبر کے زیر قیادت پیر سید محمد حبیب عرفانی آف سندر شریف، ڈاکٹر محمد اجمل نیازی، جسٹس (ر) نذیر احمد غازی، معروف اینکر پرسن بلال قطب سید، پنجاب قرآن بورڈ کے چیئرمین مولانا غلام محمد سیالوی، پیر حفیظ البرکات، راؤ شاہد محمود خاں اور عبیداللہ شاہ کو اس سفر مبارک کی سعادت حاصل ہوئی۔ یقیناً یہ وہ بہت ہی اُجپال ہیں۔ آپ انہیں معرفت فرمانِ رسولؐ کے مطابق یاد رکھتے ہوئے ان کی تشہیر عالم کرتے ہیں تو وہ بھی آپ کو مقام معلیٰ (کربلا معلیٰ) میں خود بلا کر یہ بتانا چاہتے ہیں کہ ہماری محبت اور ہم سے محبت کرنے والوں سے بھی محبت کا اجر شفاعت اور جنت ہے۔ ہم سب 7 اپریل 2016ء نجف اشرف پہنچے۔ نجف اشرف ایئرپورٹ پر ہمارے استقبال کے لیے حرم امام حسینؑ کی جانب سے خصوصی پروٹوکول کا انتظام اور شاندار استقبال کیا گیا۔ ہمارے قافلہ میں صرف دو لوگوں کے علاوہ سب برادران کا تعلق اہل سنت والجماعت سے تھا۔

انٹرنیشنل ایئرپورٹ نجف اشرف سے ہمیں کربلا معلیٰ لایا گیا، جہاں ہمارا قیام حرم امام حسینؑ کے زیر اہتمام چلنے والا ریسٹ ہاؤس میں ہوا جس کا نام مدینۃ الزائرین تھا جو کسی سیون سٹار ہوٹل سے بھی زیادہ پُرسہولت اور ہر خوبی سے آراستہ تھا۔

کچھ دیر ستانے کے بعد اسی شب حرم مولا حسینؑ کے نمائندہ خصوصی ابو جواد محمد حسن کربلائی تشریف لائے۔ جو ہمارے مترجم (ٹرانسلیٹر) تھے، جنہوں نے ہمارے قیام کے دوران زیارات و پروگرام سے آگاہ کیا اور حجۃ الاسلام والمسلمین علامہ شیخ عبدالمہدی کربلائی جو ہمارے میزبان اور متولی شرعی روضہ امام حسینؑ ہیں، ان کی جانب سے خوش آمدید کا پیغام اور

گلدستہ ہم تک پہنچایا۔حرم کی گاڑی ہمیں لینے آگئی ۔ یہاں پہنچنے پر حضرت عباسؑ کے روضہ مبارک کے خادمین نے استقبال کیا۔

اسی شب ہم سب نے حضرت غازی عباسؑ علمدار اور سید الشہداء حضرت امام حسینؑ کے روضہ کی زیارت کی۔جس کی کیفیت ہم سب کی مختلف تھی۔فضا لبیک یا حسینؑ اور درود پاک اللھم صلی اللہ محمدؐ وآل محمدؐ سے گونج رہی تھی۔عظیم قربانیوں کو یاد کرکے آنکھوں سے آنسو جاری تھے اور تمام محبین ومومنین اور قارئین کے لیے ہاتھ دعاؤں کے لیے بلند تھے،خصوصاً جنھوں نے ان پاک ہستیوں کے صدقہ دعا کے لیے بولا تھا۔میری اپنی کیفیت کچھ ایسی تھی کہ ہاتھ میں امام حسینؑ کے روضہ کی ضریح مبارک اور یقین ہی نہ آرہا تھا کہ اس گنہگار کو اتنی بڑی زیارت کی سعادت نصیب ہوگئی ہے۔کربلا اور جوانانِ جنت کے سردار حضرت امام حسین علیہ السلام شہدائے کربلا قمر بنی ہاشم حضرت ابوالفضل العباسؑ جن کے علم سے ہم اپنے گھروں کو نہ صرف سجاتے ہیں بلکہ علَم لہرا کر تحفظ اور اطمینان وسکون محسوس کرتے ہیں کے حضور حاضری کا شرف اور وہ بھی اچانک! ایک حسین خواب لگ رہا تھا۔جو دھیرے دھیرے حقیقت کا روپ دھار کر ایمان وایقان کی صورت خون بن کر دل ودماغ میں دوڑنے لگا۔ کربلا والوں کی قربانی احسانات ضمیر کو بیدار کرتے گئے،حق وباطل کی صفیں مجسم صورت بن کر نظر آنے لگیں حضرت مظلوم کربلاؑ کی صدائے استغاثہ کی گونج سے ٹکراتی محسوس کیا ہوئی استغاثہ جواب دیتے ہوئے ضمیر کی آواز بے ساختہ "لبیک یا حسینؑ" کی صورت میں دل وزبان سے بلند ہونے لگی۔گویا آج بھی کربلا بھی ہے،ظالم ومظلوم آمنے سامنے ہیں،حسینی ویزیدی برسرِ پیکار ہیں۔ عراق میں ایک اور کربلا داعش اور حسینیوں کی صورت میں بپا ہے۔اہل عراق بلاتفریق مذہب وملت مسلم وغیر مسلم آج کے یزیدیوں کے سامنے صف آراء آج کے ظالموں اور باطل طاقتور سے ٹکرا رہے ہیں۔آنکھوں سے آنسو بھی جاری تھے اور دل بار بار یہ گواہی دے رہا تھا کربلا والو! ہم آپ کے ساتھ ہیں۔اے فرزند زہراء ہم نہ تجھے بھولے ہیں اور نہ ہی بھولیں گے۔ہاں یہ سچ ہے قارئین آپ بھی عراق والوں کا ساتھ دیں گے،مال کے ذریعے،زبان کے ذریعے،جہاد فی سبیل اللہ کے ذریعے۔کربلائے عراق آج بھی آپ کو بلا رہا ہے۔"اے کاش ہم روز عاشور کربلا میں ہوتے" کی خواہش کا اظہار کرنے والو آگے بڑھو،دیر نہ کرو،اپنی خواہش کی تکمیل کے لیے کربلا چلو،استغاثہ امام حسینؑ پر لبیک کہو اور لبیک یا حسینؑ لبیک یا عباسؑ لبیک یا زہراؑ لبیک یا زینبؑ کہتے ہوئے کربلا کی سمت بڑھتے چلو۔

اگلے روز نجف اشرف باب مدینۃ العلم امام المتقین امیر المومنین کل ایمان حضرت امام علی علیہ السلام کے در اقدس پر حاضری دی اور دعا مانگی۔ 52 سالوں سے نجف اشرف مقیم مجتہد اعظم حافظ بشیر حسین نجفی صاحب سے ملاقات کی۔جنھوں نے اتحاد بین المسلمین پر زور دیا۔ پاکستان کے لیے اور پاکستانی فوج کے لیے اچھے الفاظ میں دعا کی۔دنیا کی عظیم مسجد کوفہ میں حاضری ہوئی جو حضرت آدمؑ،حضرت نوحؑ اور بھی انبیاء کا گھر تھی۔حضرت نوحؑ نے دعا کی تھی: میرے اللہ! مجھے معاف کردے،میرے والدین کو معاف کردے اور جو جو میرے گھر میں داخل ہوا اس کو معاف کردے۔میں حضرت نوح علیہ السلام کے گھر میں موجود اس دعا کے الفاظ پر غور کر رہا تھا اور اپنی خوش نصیبی پر فخر بھی، اسی مسجد میں وہ محراب بھی ہے۔جہاں امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام کو حالت نماز اور روزہ میں ابن ملجم نے شہید کیا تھا۔علی مولاؑ نے قاتل کو شربت پلا کر ایک مثال قائم کی تھی اور بنی عبدالمطلب کو قتل وغارت سے سختی سے منع کر کے صرف قانون الٰہی کی حاکمیت کو قائم کرتے ہوئے قتل کے بدلے قتل کی اپنے بیٹے امام حسنؑ کو وصیت کی تھی اور علیؑ نے فرمایا تھا:اے صبح کا ستارہ گواہ رہنا علیؑ نے ہمیشہ تجھے طلوع ہوتے دیکھا ہے تو نے علیؑ کو کبھی سویا ہوا نہیں پایا۔ ہم نے دنیا کے قدیم ترین قبرستان وادی السلام کی زیارت کی۔حضرت ہود اور صالح علیہم السلام کی قبور پر حاضری دی۔اس قبرستان میں سات ہزار انبیاء علیہم السلام دفن ہیں۔ہمیں جناب میثم تمارؒ کی قبر پر حاضری کا شرف بھی حاصل ہوا، جن کو علیؑ مولا کی محبت کے جرم میں کھجور پر پھانسی دی گئی تھی۔ہم اگلے دن سامرہ کے لیے روانہ ہوئے۔حضرت امام علی نقی علیہ السلام اور حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام کے روضہ مبارکہ کی زیارت کے لیے جونہی ہمارا قافلہ بغداد سے سامرہ روڈ پر روانہ ہوا تو خواتین وحضرات کی کثیر تعداد پیدل چلتی ہوئی نظر آئی۔راستے میں سبیلیں جگہ جگہ استقبالیہ کیمپ زائرین کی تواضع میں مصروف۔

پوچھنے پر پتہ چلا کل امام علی نقی علیہ السلام کا روزِ شہادت ہے۔ یہ زائرین کے قافلے پیدل اور سواریوں کے ذریعے سامرہ جا رہے ہیں۔ یہ سارا علاقہ سنی مسلمانوں کا ہے اور یہ ساری سبیلیں استقبالیہ کیمپ انہوں نے شیعہ زائرین کے لیے لگائے ہیں۔ مسلح رضا کار لوگوں کو روک روک کر قسم قسم کے کھانے اور مشروبات زبردستی پیش کر رہے ہیں۔ اسی علاقہ میں عالمی دہشت گردوں کی مسلم تنظیم داعش بھی موجود تھی لیکن کسی کو ان سے کوئی ڈر تک محسوس نہ ہو رہا تھا۔

ہم نے بغداد شریف کی بھی تمام زیارات کی جس میں حضرت شیخ عبدالقادر گیلانیؒ، امام ابوحنیفہؒ، حضرت یوشعؑ، جنید بغدادیؒ اور بہلول دانا وغیرہ شامل ہیں۔

جناب بلال قطب سید نے شیخ عبدالقادر گیلانی کے متولی وسجادہ نشین الشیخ سید ہاشم الدین گیلانی سے سوال کیا کہ ہم نے کربلا ونجف کی زیارات کیں۔ ہم سامرہ بھی گئے، امام علی نقیؑ اور امام حسن عسکریؑ کی زیارت پر جدھر جنگ کے باوجود لوگوں کا رش اور عقیدت مندوں کا سمندر نظر آیا، جبکہ پوری دنیا میں لوگ آپ کو مانتے ہیں۔ لیکن اس کے باوجود ہمیں شیخ عبدالقادر گیلانی کے روضہ پر اداسی محسوس ہوئی۔ اس پر انھوں نے جواب دینے سے گریز کیا اور ہمیں بیش قیمت تحفوں سے نوازا۔

میں 19 سال کے بعد عراق گیا اور وہاں کے لوگوں کی غربت اور حالت زار دیکھ کر دکھ بھی ہوا لیکن اس چیز سے بے حد خوشی ہوئی کہ جنگ کے بعد عراقیوں نے بہت جلدی اپنی حالت سدھاری۔ آنے والے 10 سال میں یہ ملک متحدہ امارات کے شانہ بشانہ کھڑا ہوگا۔

ہم نے 7 روز میں تمام زیارات اور تمام زیارات کے متولیوں سے ملاقات کی۔ دورہ کے آخر میں وفد کے سربراہ علامہ ڈاکٹر محمد حسین اکبر نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے حضرت آیت اللہ شیخ عبدالمہدی کربلائی اور ان معاون خاص جناب سید سعد الدین ہاشم کا خصوصی شکریہ ادا کرتے ہوئے اپنے دورہ کے تاثرات کو بیان کیا۔ خاص طور پر داعش کے ہاتھوں ظلم کا نشانہ بننے والوں کی آبادکاری، باہمی تجارت، ٹوارزم و زیارات، تبادلہ وفود، پاکستانی میڈیا اور یونیورسٹیوں میں عراقی طلباء کے داخلہ اور ان کے ساتھ تعاون کی پیشکش کی۔ دہشت گردی کے خلاف ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی اور وعدہ کیا جو کچھ ہم نے اپنی آنکھوں سے وحدت امت اور ظلم کے خلاف عوام علماء اور مقاماتِ مقدسہ کے ذمہ داران خاص طور پر حرم امام حسین علیہ السلام کی انتظامیہ کی طرف سے زائرین کی خدمت کو دیکھا ہے۔ میڈیا اور اخبارات اور دیگر ذرائع سے دنیا تک پہنچائیں گے۔ عراقی ہمارے بھائی ہیں، ہم ایک ہیں، ہمارا دشمن بھی ایک ہے، ہم مل کر مقابلہ کریں گے۔ مزید تفصیل انشاء اللہ بارہ امامیہ جنتری 2017ء میں دی جائے گی۔

ہم نے آخری روز حضرت شیخ عبدالمھدی الکربلائی متولی روضہ امام حسینؑ سے ملاقات کی، جنھوں نے بے حد شکریہ کے ساتھ ملک پاکستان کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

ہاں ایک اور حقیقت کو قارئین تک پہنچانا ضروری سمجھتے ہیں اور وہ نجف اشرف کے ساتھ کچھ دور مسجد کوفہ اور مسجد سہلا کی شان وشوکت دیکھنے والی تھی۔ مسجد کوفہ کے ساتھ ہی امیر المومنین جناب امام علیؑ کا سادہ سا گھر بھی سب امراء کے لیے سامان عبرت ہے۔ مولائے کائنات کا گھر دیکھ کر اپنے گھر میں آ کر شرم آئی۔ کائنات کا امیر علی مولاؑ اس دنیاوی زندگی کو کیسے گزار گئے اور ہم سب اس عارضی دنیا کے عارضی قیام میں کیا کیا خواہشات دل میں لیے بیٹھے ہیں۔ سیرت علیؑ ہم سب کے لیے نمونہ عمل ہے۔ مولا علیؑ کے بیت اشرف کے ساتھ ہی سامان عبرت ابن زیاد ملعون کا برباد شدہ دربار ہے، جس میں علیؑ کی بیٹیوں کو قید بنا کر لایا گیا تھا۔ 7 روزہ دورہ مکمل کر کے واپس تو آ گئے، لیکن دل و دماغ وہیں رہ گیا۔ حافظ شیرازی کے اس شعر کے ساتھ اپنی قلم کو آپ کو ایک فکر دے کر روک رہا ہوں۔

مزار پیر طریقت نعمت یاداشت
کہ غیر یاد خدا ہر چہ ہست برباد است

حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارت کا ثواب ستر مقبول حج کا ثواب ہے۔ (امام جعفر صادق علیہ السلام) اللہ تعالیٰ ہر مسلمان کو نصیب فرمائے۔

اللہ نے امام حسین علیہ السلام کو تین خصوصیات عطا فرمائی تھیں: آپؑ کی ذریت میں سلسلہ امامت کو جاری فرمایا۔ آپؑ کی تربت قبر کی مٹی میں شفاء ہے اور آپؑ کی قبر کے پاس دعا رد نہیں ہوتی۔ (حدیث نبویؐ)

نجف اشرف کربلا معلی، کاظمین، سامرہ اور بغداد شریف کی زیاراتِ مقدسہ پر اراکین وفد کے مختلف انداز میں گروپ فوٹو

بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم:۔ابتداء رب جلیل کے پاک بابرکت نام سے جودلوں کے بھید خوب جانتا ہے۔میں محترم زنجانی صاحب کاشکر گزار ہوں جنہوں نے ہمیں آئینہ قسمت میں موقع دیا ان کا سایہ ہمیشہ ہمارے سروں پر قائم رہے۔پیش گوئی کرنا مشکل فن ہے عام زندگی کے سوالات تو آسانی کے ساتھ حل ہوتے ہیں لیکن ملکی سطح پر اور سیاسی سوالات کے جوابات اخذ کرنا بہت مشکل ہوتا ہے سوال کی بندش کہ سوال واضح ہو اس کے علاوہ ذراسی لغزش سا کھ خراب کر دیتی ہے علم غیب تو صرف اللہ تعالیٰ کی ذات اقدس جانتی ہے۔علم جفر آئمہ معصوم علیہ السلام کا پاک پاکیزہ علم ہے جو حق اور سچ کی نشان دہی کراتا ہے پہلے بھی جفار بہت آئے اور چلے گئے جیسے زاہد سرفراز احمد (مرحوم) اعلیٰ شخصیت اللہ اقدس جنت الفردوس میں جگہ عطا کرے۔(آمین)

سوال نمبر 1:۔یاعلیم۔الطاف حسین کی ایم کیوایم مستقبل دور میں کیا پوزیشن ہوگی؟

خالص	ا	ل	ط	ف	ح	س	ی	ن	ک	م	ت	ق	ب	د	و	ر	ز	ش	ہ
نظیرہ	س	ض	ث	ج	ت	ا	خ	غ	ذ	ظ	ح	ہ	ع	ص	ر	و	ش	ز	ق
مؤخرصدر	ق	س	ز	ض	ش	ث	و	ج	ر	ت	ص	ا	ع	خ	ہ	غ	ح	ذ	ظ
عذیذہ	ر	ع	ح	ذ	ت	خ	ہ	د	ق	ش	ف	ب	س	ث	و	ظ	ز	ض	خ
ابجداحست	ج	و	ذ	ح	ل	ن	س	ش	ب	د	ز	ق	ھ	م	ش	ی	ف	ط	ن
نظیرہ	ف	ر	ک	ت	ض	غ	ا	ز	ع	ص	ش	ہ	ق	ط	ز	خ	ج	ث	غ
ناطق	ف	ر	ب	د	ض	غ	ا	ز	ا	س	ش	ح	ق	ن	ز	و	ش	ب	ی

(فارغ) بد سازش حق (سچ) پوزیشن

جواب:۔یہ سچ ہے کہ آئندہ مستقبل دور میں بدحالی کی طرف جائے گی سازشیں مخالف بہت ہونگی۔

سوال نمبر 2:۔یاعلیم۔کیا حکومت پاکستان کالاباغ ڈیم دوبارہ بحال کرے گی؟

خالص	ک	ی	ا	ح	و	م	ث	پ	س	ن	ل	غ	ڈ	ر	ہ
نظیرہ	ذ	خ	س	ت	ر	ظ	ح	ع	ا	غ	ظ	ن	ص	و	ق
مؤخرصدر	ق	ذ	و	خ	ص	س	ن	ت	ض	و	غ	ظ	ا	ح	ع
عذیذہ	ر	ض	ھ	ث	ف	ع	م	ش	ذ	ھ	ظ	غ	ب	ز	س
ابجداحست	ج	ط	س	م	ز	و	ث	م	ح	س	ی	ک	ق	ف	ھ
ناطق	ف	غ/ث	س	م	ح/ت	ر	م	م	ت	س	ا	ذ	ق	ف	ھ

فسخ (چھوڑنا) حرمت مت فساد (حق) سچ (بقیہ صفحہ نمبر 22 پر)

اعمالِ رمضان اور دعائیں

اعمال ماہ رمضان

☆ محدث قمی علیہ الرحمہ نے فرمایا کہ ماہ رمضان میں بہترین عمل قرآن مجید کی تلاوت ہے۔

☆ ماہ رمضان میں قرآن مجید کی ایک آیت کی تلاوت دوسرے مہینوں کے پورے قرآن ختم کرنے کے برابر ہے

☆ اگر ہر روز کی تلاوت کو کسی ایک چہاردہ معصومین علیہم السلام سے منسوب کرتے ہوئے انکے ارواح مقدسہ کو ہدیہ کرے تو ان کے جوارِ مقدس میں ہونے کے ساتھ انکے ساتھ محشور ہوگا۔

☆ مستحب ہے کہ ماہ رمضان میں ہزار رکعت نوافل دو دو رکعت کر کے پڑھا کرے۔

تفصیل: پہلی سے بیسویں تک نماز مغرب کے بعد آٹھ اور نماز عشاء کے بعد بارہ رکعتیں پڑھے

☆ اکیسویں سے تیسویں تک نماز مغرب کے بعد آٹھ اور نماز عشاء کے بعد بائیس رکعتیں پڑھے انکا مجموعہ سات سو رکعتیں بن جائیگا تین سو رکعتیں شب قدر کی تین راتوں کیساتھ ایک ہزار رکعتیں مکمل ہوجائینگی

☆ کتاب ادعیہ جلالیہ میں محدث قمیؒ اور بلد الامین میں کفعمیؒ سے منقول ہے کہ ماہِ رمضان کی ہر شب دو رکعت نماز اس طرح ادا کرے کہ ہر رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد تین مرتبہ سورۂ توحید پڑھے جو اس نماز کو پڑھیگا تو اللہ اسکے ستر ہزار گناہ معاف فرمائیگا اور نماز کے بعد یہ درج ذیل دعا پڑھے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ سُبْحَانَ مَنْ ھُوَ حَفِیْظٌ لَا یَغْفُلُ سُبْحَانَ مَنْ ھُوَ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے پاک تر ہے وہ (اللہ) جو ایسا نگہبان ہے کہ غافل نہیں ہوتا پاک تر ہے

رَحِیْمٌ لَا یَعْجَلُ سُبْحَانَ مَنْ ھُوَ قَائِمٌ لَا یَسْھُوْ سُبْحَانَ مَنْ ھُوَ دَائِمٌ لَا یَلْھُوْ

وہ مہربان جو جلدی نہیں کرتا پاک تر ہے وہ قائم جو کبھی بھولتا نہیں پاک تر ہے وہ ہمیشہ رہنے والا جو کھیل (غیر ضروری کام) میں نہیں پڑتا

☆ اسکے بعد سات مرتبہ یہ کلمات پڑھے سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ

☆ اسکے بعد دس مرتبہ صلوات پڑھے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ اور سات مرتبہ یہ درج ذیل دعا پڑھے

سُبْحَانَکَ سُبْحَانَکَ یَا عَظِیْمُ اغْفِرْ لِیَ الذَّنْبَ الْعَظِیْمَ

تو پاک ہے تو پاک ہے اے بڑائی والے میرے بڑے بڑے گناہ معاف کر دے

☆ روایت میں ہے کہ جو شخص ماہِ رمضان میں خضوع و خشوع کے ساتھ ہر روز ''دعائے مغفرت'' جو صفحہ نمبر (۱۶۱) پر درج ہے پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اُس کے تمام گناہ معاف فرما دے گا۔

احکام روزہ

یا ایھا الذین امنوا کتب علیکم الصیام

اے ایمان والو تم پر روزے فرض ہیں (البقرہ: ۱۸۳)

روزہ: یہ ہے کہ انسان اللہ تعالیٰ کی خوشنودی اور اس کی بارگاہ میں قربت حاصل کرنے کیلئے صبح صادق سے لے کر غروب آفتاب (شرعی) تک مبطلات روزہ سے پرہیز کرے۔

نیت روزہ: نیت میں اتنا ہی کافی ہے کہ شب میں یہ ارادہ کرے کہ میں کل روزہ رکھوں گا، رکھوں گی قُرْبَۃً اِلَی اللّٰہِ بہتر تو یہ ہے کہ شب اوّل میں پورے مہینے کے روزوں کی نیت کر لے۔

مبطلات روزہ: نو چیزیں روزہ کو باطل کرتی ہیں (۱) کھانا پینا (۲) جماع کرنا (۳) استمناء یعنی انسان کوئی ایسا کام کرے جس سے منی نکل آئے (۴) اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آئمہ علیہم السلام پر جھوٹ باندھنا (۵) گرد و غبار کو حلق تک پہنچانا (۶) سر اور چہرے کو پانی میں ڈبونا (غوطہ لگانا) (۷) حالت حیض و نفاس یا جنابت پر اذانِ صبح تک باقی رہنا (۸) کسی بہنے والی چیز سے انیما، حقنہ کرنا (۹) جان بوجھ کرقے کرنا

ضروری مسائل: بیماری میں دوا کے لئے انجکشن لگوانا جائز ہے البتہ غذائی کمی یا بھوک کے احساس کو ختم کرنے کے لئے جائز نہیں ہے ☆ ڈرپ کا استعمال چاہے دوا کے لئے ہو یا غذائی کمی دور کرنے کے لیے ہو دونوں صورتوں میں روزہ باطل ہے آنکھ اور ناک میں ڈالنے والے قطروں کا بھی یہی حکم ہے کہ اگر دوا حلق سے نیچے پہنچ رہی ہو تو ناجائز ہے۔

مکروہات روزہ: نو چیزیں روزہ کو مکروہ کرتی ہیں (۱) آنکھ میں دوا ڈالنا یا سرمہ لگانا (۲) ایسا کام کرنا کہ جس سے خون نکل آئے جو کہ کمزوری کا باعث بنے (۳) خوشبو سونگھنا (۴) خشک چیزوں سے حقنہ کرنا (۵) عورت کا پانی میں بیٹھنا (۶) ایسا کام (مسواک) کرنا کہ منہ سے خون نکل آئے (۷) درخت کی تازہ مسواک کرنا (۸) بغیر وجہ پانی یا کسی چیز کا منہ میں ڈالنا (۹) عورت (زوجہ) سے خوش طبعی کرنا۔

دعائے افطار: اَللّٰھُمَّ لَکَ صُمْتُ وَعَلٰی رِزْقِکَ اَفْطَرْتُ وَعَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ

اے اللہ! میں نے تیرے لیے روزہ رکھا اور تیرے رزق پر افطار کیا اور تجھ پر میں نے بھروسہ کیا

دعائے ماہِ رمضان

☆ روایت میں ہے کہ اس دعا کو ہر نماز کے بعد پڑھنے والے کیلئے فرشتے استغفار کرتے ہیں

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ یَا عَلِیُّ یَا عَظِیْمُ یَا غَفُوْرُ یَا رَحِیْمُ اَنْتَ الرَّبُّ الْعَظِیْمُ الَّذِیْ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے اے بلند تر اے بزرگی والے اے بخشنے والے اے مہربان تو ہی بڑائی والا عظیم پروردگار ہے کہ جس کے

لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ وَّھُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ وَھٰذَا شَھْرٌ عَظَّمْتَہٗ وَکَرَّمْتَہٗ وَشَرَّفْتَہٗ وَفَضَّلْتَہٗ

جیسی کوئی چیز نہیں ہے اور وہ سننے دیکھنے والا ہے اور یہ وہ مہینہ ہے جسے تو نے بزرگی دی اور عزت عطا کی اور بلندی بخشی اور سبھی مہینوں پر

عَلَی الشُّھُوْرِ وَھُوَ الشَّھْرُ الَّذِیْ فَرَضْتَ صِیَامَہٗ عَلَیَّ وَھُوَ شَھْرُ رَمَضَانَ الَّذِیْ اَنْزَلْتَ

فضیلت عنایت کی ہے اور یہ وہ مہینہ ہے جس کے روزے تو نے مجھ پر فرض کیے ہیں اور وہ ماہ مبارک رمضان ہے کہ جس میں تو نے

فِیْہِ الْقُرْاٰنَ ھُدًی لِّلنَّاسِ وَبَیِّنٰتٍ مِّنَ الْھُدٰی وَالْفُرْقَانِ وَجَعَلْتَ فِیْہِ لَیْلَۃَ الْقَدْرِ

قرآن اُتارا ہے جو لوگوں کیلئے رہبر ہے اور اس میں ہدایت کی دلیلیں اور حق و باطل کی تفریق ہے اور تو نے اس مہینے میں شب قدر رکھی

وَجَعَلْتَھَا خَیْرًا مِّنْ اَلْفِ شَھْرٍ فَیَا ذَا الْمَنِّ وَلَا یُمَنُّ عَلَیْکَ مُنَّ عَلَیَّ بِفَکَاکِ رَقَبَتِیْ

اور اسے ہزار مہینوں سے بہتر قرار دیا ہے پس اے احسان کرنیوالے تجھ پر احسان نہیں کیا جاسکتا تو احسان فرما مجھ پر میری گردن آگ سے چھڑا کر

مِنَ النَّارِ فِیْمَنْ تَمُنُّ عَلَیْہِ وَاَدْخِلْنِی الْجَنَّۃَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

ان کے ساتھ جن پر تو نے احسان کیا اور مجھے داخل جنت فرما اپنی رحمت سے اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے

قناعت میں نجات: دیکھنے میں آیا ہے کہ بعض لوگ روزہ کی افطاری کے وقت بلا جواز اشیائے خورد و نوش میں اسراف کرتے ہیں جو آئمہ اطہار علیہم السلام کی سیرت کے عین خلاف ہے روزہ داروں کو کفایت شعاری کرنی چاہیے اور نعمات الٰہی کا ضیاع نہیں کرنا چاہیے۔

☆ اس ضمن میں حضرت امیر المومنینؑ نے اشارہ فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا ہے جو کہ درج ذیل ہے۔

قَالَ اَمِیْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ لَا کَنْزَ اَغْنٰی مِنَ الْقَنَاعَۃِ وَلَا مَالَ اَذْھَبُ لِلْفَاقَۃِ مِنَ الرِّضٰی

امیر المومنینؑ نے فرمایا کہ قناعت سے زیادہ بے نیاز کر دینے والا کوئی اور خزانہ نہیں اور فاقہ کو دور کرنیوالا کوئی مال قوت کے ساتھ

بِالْقُوْتِ وَمَنِ اقْتَصَرَ عَلٰی بُلْغَۃِ الْکَفَافِ فَقَدِ انْتَظَمَ الرَّاحَۃَ وَتَبَوَّاَ خَفْضَ الدَّعَۃِ

راضی رہنے سے بڑھ کر نہیں اور جو ضرورت بھر مقدار پر اکتفا کرتا ہے وہ اپنی راحتوں کو منظم کر لیتا ہے اور آرام و آسائش میں رہتا ہے

دعا ہر شب رمضان: بحوالہ مصباح کفعمیؒ جو شخص ماہِ رمضان کے شب و روز میں یہ دعا پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اس کے چالیس سال کے گناہ معاف فرمادے گا۔
☆اس دعا کے پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ اُس کی زندگی کے اختتام سے پہلے حج بھی نصیب فرمائیگا

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ اَللّٰھُمَّ رَبَّ شَھْرِ رَمَضَانَ الَّذِیْ اَنْزَلْتَ فِیْہِ الْقُرْاٰنَ وَافْتَرَضْتَ عَلٰی

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے اے معبود اے ماہِ رمضان کے پروردگار کہ جس (ماہ) میں تو نے قرآن نازل کیا اور تو نے اپنے

عِبَادِکَ فِیْہِ الصِّیَامَ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّارْزُقْنِیْ حَجَّ بَیْتِکَ الْحَرَامِ فِیْ عَامِیْ ھٰذَا

بندوں پر اس کے روزے فرض کیے صلوات بھیج محمدؐ و آلِ محمد پر اور مجھے اپنے محترم گھر کا حج نصیب فرما اس سال میں

وَفِیْ کُلِّ عَامٍ وَّاغْفِرْ لِیْ تِلْکَ الذُّنُوْبَ الْعِظَامَ فَاِنَّہٗ لَا یَغْفِرُھَا غَیْرُکَ یَا رَحْمٰنُ یَا عَلَّامُ

اور آئندہ سالوں میں اور میرے اب تک کے بڑے بڑے گناہ بخش دے کیونکہ تیرے سوا کوئی انہیں بخش نہیں سکتا اے نہایت مہربان اے بہت جاننے والے

دعائے آخر جمعہ رمضان: رسول اکرمؐ نے فرمایا کہ جو کوئی ماہ رمضان کے آخری جمعہ میں درج ذیل دعا پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اُسے دو چیزیں عطا فرمائیگا (۱) آئندہ ماہ رمضان (۲) رحمت و مغفرت

اَللّٰھُمَّ لَا تَجْعَلْہُ اٰخِرَ الْعَھْدِ مِنْ صِیَامِنَا اِیَّاہُ فَاِنْ جَعَلْتَہٗ فَاجْعَلْنِیْ مَرْحُوْمًا وَّلَا تَجْعَلْنِیْ مَحْرُوْمًا

اے اللہ میرے روزہ رکھنے کو آخری روزہ داری نہ قرار دینا اور اگر تو نے قرار دے دیا تو مجھ کو قابل رحم قرار دینا اور محروم نہ قرار دینا

اعمال شب آخر رمضان: یہ رات بڑی بابرکت ہے اس رات غسل کرے اور زیارت امام حسینؑ پڑھے اور سورۂ انعام و سورۂ کہف اور سورۂ یٰسین کی تلاوت کرے اور سو مرتبہ استغفار پڑھے۔

دعائے الوداع رمضان: حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام کا ارشاد ہے کہ جو کوئی اس درجِ ذیل دعا کے ساتھ ماہِ رمضان کو الوداع کرے گا تو اللہ تعالیٰ صبح ہونے سے پہلے اسے بخش دے گا اور اسے توبہ و استغفار کی توفیق بھی عطا فرمائیگا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ اَللّٰھُمَّ لَا تَجْعَلْہُ اٰخِرَ الْعَھْدِ مِنْ صِیَامِیْ لِشَھْرِ رَمَضَانَ وَاَعُوْذُ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے اے اللہ! اس مہینے کو رمضان کے روزے رکھنے میں میرے لیے آخری قرار نہ دے اور میں پناہ لیتا ہوں

بِکَ اَنْ یَّطْلُعَ فَجْرُ ھٰذِہِ اللَّیْلَۃِ اِلَّا وَقَدْ غَفَرْتَ لِیْ

تیری اس سے کہ اس رات کی صبح ہو جائے لیکن یہ کہ تو نے مجھے بخش دیا ہو

مشترکہ اعمالِ شب ہائے قدر

لَیْلَۃُ الْقَدْرِ خَیْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَھْرٍ

شب قدر (مرتبہ اور عمل میں) ہزار مہینوں سے بہتر ہے

☆غسل ان تینوں راتوں (۱۹، ۲۱، ۲۳ رمضان المبارک) میں سنتِ مؤکدہ ہے بہتر ہے کہ غروبِ آفتاب کے قریب غسل کرے
☆زاد المعاد میں حضرت رسول اکرم ﷺ کا ارشاد ہے کہ جو شخص شب قدر میں دو رکعت نماز بجا لائے اور ہر رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد سات مرتبہ قل ھو اللہ پڑھے اور فارغ ہونے کے بعد ستر مرتبہ یہ استغفار أستغفر الله وأتوب إليه پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اس کو اور اسکے والدین کو بخش دیگا
☆ہر شب میں خصوصاً تیئیسویں شب میں سو رکعت نماز پڑھنا سنت ہے اور ہر دو رکعت کے بعد سلام کہے ہر رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد ایک مرتبہ سورۂ توحید پڑھے۔
☆ان تینوں راتوں میں قرآن مجید کی تلاوت کرنا اور سو مرتبہ صلوات پڑھنا اور سورۂ قدر ہزار مرتبہ پڑھنا ثواب عظیم اور گناہوں کی مغفرت کا باعث ہے۔
☆معتبر روایت میں ہے کہ جو شخص شب قدر میں عبادت کے ساتھ شب بیداری (تہجد سے پہلے) کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس کے گناہ معاف فرمادے گا اگرچہ وہ آسمانوں کے ستاروں و پہاڑوں کی جسامت اور دریاؤں کے پانی کے قطروں کے برابر ہی کیوں نہ ہوں۔
☆زیارتِ امام حسین علیہ السّلام پڑھنے کی ان تینوں راتوں میں زیادہ تاکید آئی ہے۔
☆نخبۃ الدعوات میں حضرت امام محمد باقر علیہ السّلام سے منقول ہے کہ شب ہائے قدر میں قرآن مجید کھول کر اپنے منہ کے سامنے رکھے اور یہ دعا پڑھے تو اس کی حاجات پوری ہونگی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِکِتَابِکَ الْمُنْزَلِ وَمَا فِیْہِ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے اے معبود بیشک میں سوال کرتا ہوں تجھ سے بواسطہ تیری نازل کردہ کتاب کے اور جو کچھ اس میں ہے

وَفِیْہِ اسْمُکَ الْاَکْبَرُ وَاَسْمَآئُکَ الْحُسْنٰی وَمَا یُخَافُ وَیُرْجٰی اَنْ تَجْعَلَنِیْ

اور اس میں تیرا بزرگ تر نام ہے اور تیرے دیگر اچھے اچھے نام بھی ہیں اور جو خوف و امید دلاتا ہے کہ مجھے قرار دے

مِنْ عُتَقَآئِکَ مِنَ النَّارِ وَتَقْضِیَ حَوَائِجِیْ لِلدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ

ان میں کہ جن کو تو نے آگ سے آزاد کر دیا ہے اور تو میری دنیا و آخرت کی حاجات پوری فرما

☆کتاب اقبال میں حضرت امام محمد باقر علیہ السّلام سے منقول ہے کہ شب ہائے قدر میں قرآن مجید لے اور بند کر کے سر پر رکھے اور یہ دعا پڑھے تو اس کی تمام حاجات پوری ہونگی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ اَللّٰھُمَّ بِحَقِّ ھٰذَا الْقُرْاٰنِ وَبِحَقِّ مَنْ اَرْسَلْتَہٗ بِہٖ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے اے معبود! اس قرآن کے حق کا واسطہ اور اس کو جس کے ساتھ بھیجا اُس کے حق کا واسطہ

وَبِحَقِّ کُلِّ مُؤْمِنٍ مَّدَحْتَہٗ فِیْہِ وَبِحَقِّکَ عَلَیْھِمْ فَلَا اَحَدَ اَعْرَفُ بِحَقِّکَ مِنْکَ

اور ان مومنین کے حق کا واسطہ جن کی تو نے اس میں تعریف کی ہے اور ان پر تیرے حق کا واسطہ پس کوئی نہیں جانتا تیرے حق کو تجھ سے بڑھ کر

☆پس درج بالا عمل دعا کے بعد قرآن مجید بند کر کے سر پر رکھتے ہوئے دس مرتبہ کہے:

بِکَ یَا اَللّٰہُ دس مرتبہ بِمُحَمَّدٍ دس مرتبہ بِعَلِیٍّ دس مرتبہ بِفَاطِمَۃَ دس مرتبہ بِالْحَسَنِ دس مرتبہ بِالْحُسَیْنِ دس مرتبہ بِعَلِیِّ بْنِ الْحُسَیْنِ دس مرتبہ بِمُحَمَّدِ بْنِ عَلِیٍّ دس مرتبہ بِجَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ دس مرتبہ بِمُوْسَی بْنِ جَعْفَرٍ دس مرتبہ بِعَلِیِّ بْنِ مُوْسٰی دس مرتبہ بِمُحَمَّدِ بْنِ عَلِیٍّ دس مرتبہ بِعَلِیِّ بْنِ مُحَمَّدٍ دس مرتبہ بِالْحَسَنِ بْنِ عَلِیٍّ دس مرتبہ بِالْحُجَّۃِ

☆اس کے بعد جو حاجات رکھتا ہو اللہ تعالیٰ کے حضور طلب کرے۔
☆سو رکعت نماز دو دو رکعت کر کے پڑھنا سنت ہے بہتر ہے کہ اپنی یا اپنے مرحومین کی قضا نمازیں ادا کرے
☆مشترکہ اعمال کے علاوہ سورۂ عنکبوت و سورۂ روم و سورۂ حٰم دخان اور دعائے جوشن کبیر پڑھنا سنت ہے

انیسویں شب کے مخصوص اعمال

☆مشترکہ اعمال شب ہائے قدر کے علاوہ سو مرتبہ یہ استغفار پڑھے۔ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ
☆استغفار کے بعد سو مرتبہ قاتل امیر المومنین علیہ السّلام پر بایں طور نفرین (لعنت) کرے۔
اَللّٰھُمَّ الْعَنْ قَتَلَۃَ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ (اے اللہ امیر المومنین کے قاتل پر لعنت بھیج) اسکے بعد یہ درج ذیل دعا پڑھے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ فِیْمَا تَقْضِیْ وَتُقَدِّرُ مِنَ الْاَمْرِ

اے معبود قرار دے اس (رات) میں کہ تو جن یقینی معاملات کی کشادگی اور بندش فرماتا ہے اور جن

الْمَحْتُوْمِ وَفِیْمَا تَفْرُقُ مِنَ الْاَمْرِ الْحَکِیْمِ فِیْ لَیْلَۃِ الْقَدْرِ وَفِی الْقَضَآءِ

پُر حکمت امور میں تو شب قدر میں امتیاز قائم کرتا ہے جو اس طرح کے فیصلے ہیں جن میں

الَّذِیْ لَا یُرَدُّ وَلَا یُبَدَّلُ اَنْ تَکْتُبَنِیْ مِنْ حُجَّاجِ بَیْتِکَ الْحَرَامِ الْمَبْرُوْرِ

کوئی تغیر اور تبدیلی نہیں ہوتی اس ضمن میں مجھے اپنے محترم گھر کعبہ (ایسے) کے حاجیوں میں لکھ کہ جن کا حج مقبول ہوا ہو

حَجُّھُمُ الْمَشْکُوْرِ سَعْیُھُمُ الْمَغْفُوْرِ ذُنُوْبُھُمُ الْمُکَفَّرِ عَنْھُمْ سَیِّئَاتُھُمْ وَاجْعَلْ

جن کی کوشش پسندیدہ جن کے گناہ بخش دیے گئے اور جن کی برائیاں مٹائی جا چکی ہوں اور ایسا کر کہ

فِیْمَا تَقْضِیْ وَتُقَدِّرُ اَنْ تُطِیْلَ عُمْرِیْ وَتُوَسِّعَ عَلَیَّ فِیْ رِزْقِیْ وَتُقَدِّرَ لِیْ فِیْ

جن امور میں تو نے بست و کشادگی فرمائی ہے ان میں میری عمر میں اضافہ اور میرے رزق میں فراخی قرار دے اور مقدر فرما میرے لئے

جَمِیْعِ اُمُوْرِیْ مَا ھُوَ خَیْرٌ لِّیْ فِیْ دُنْیَایَ وَاٰخِرَتِیْ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

میرے تمام امور جو دنیا و آخرت کی خیر (بھلائی) سے ہوں اے سب سے زیادہ رحم کرنیوالے

نظراتِ سیّارگان کے عملیات برائے ماہِ جون 2016ء

آسمانی کونسل میں نظرات سیارگان کی عملیات وتعویذات کی تیاری میں ایسے ہی اہمیت رکھتی ہے جیسے جسم میں روح کی ہو۔ مندرجہ ذیل اوقات تربیع میں نحس اعمال جبکہ تسدیس، مثلیث اور قران (بشرطیکہ قران نحس کواکب کا نہ ہو) میں سعد اعمال کیے جاتے ہیں۔
قارئین آئینہ قسمت! چند سال سے آپ نے اس کالم میں تبدیلی محسوس کی ہوگی۔ نظر سیارگان کی ابتداء، انتہا اور خاتمہ کے اوقات بن عملیات میں شامل کرکے ہم نے عاملین، شائقین عملیات کیلئے آسانی پیدا کردی ہے۔ اب یہ اُلجھن ختم ہوگئی کہ فلاں سیارے کی نظر کب بن کر کب ختم ہوگی۔ اب عملیات کی تیاری میں پورے پورے وقت سے استفادہ کیا جاسکتا ہے۔ نقشہ ساعت (جو نیچے درج ہے) سے جو ہر دن طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہے، اپنے شہر کے طلوع آفتاب سے متعلقہ ستارے کی ساعت دیکھ کر اس ساعت میں تیار کیا گیا عمل اور بھی موثر ہوجاتا ہے۔ سالنامہ زنجانی جنتری 2016ء میں بھی ہم نے اہم سالانہ نظرات سیارگان تفصیلی درج کیے ہیں۔ ہماری خدمت باعث فرحی بن سکتی ہے، جب آپ وقتاً فوقتاً اپنے تبصروں سے نوازتے رہیں۔ **عامل شاہ زنجانی**

کسی بھی عمل کی ابتداء سے پہلے 2 رکعت نماز اجالاً ہدیہ روح حضرت رسالت پناہ ﷺ مع سائر انبیاء، عظام اور اولیاء کرام پڑھیں۔ پھر مخصوص بہ نیت رجال الغیب مردان خدا جس سمت یہ اس روز کھڑے ہوں، اُن کی طرف باادب رُخ کرکے دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی اُس سمت کھڑی کرکے درج ذیل دعا مع ایک بار بسم اللہ شریف پڑھ کر سات بار پڑھیں۔ رجال الغیب کی تواریخ کا چارٹ حسب ذیل ہے۔ عمل کرتے وقت رجال الغیب کی جانب اپنی پشت رکھیں۔

جنوب مشرق 01`09`16`24	جنوب مغرب 02`10`17`25	جنوب 03`11`18`26	مغرب 04`12`19`27
شمال مغرب 05`13`20`00	شمال مشرق 06`00`21`28	مشرق 07`14`22`29	شمال 08`15`23`30

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ اَلسَّلَامُ عَلَیۡکُمۡ یَارِجَالُ الۡغَیۡبِ وَیَا اَرۡوَاحُ الۡمُقَدَّسَۃِ اَعِیۡنُوۡنِیۡ بِقُوَّۃٍ وَّ انۡظُرُوۡنِیۡ بِنَظۡرَۃٍ یَارُقَبَاءُ یَانُقَبَاءُ یَانُجَبَاءُ یَااَبۡدَالُ یَااَوۡتَادُ یَاقُطۡبُ یَاغَوۡثُ اَعِیۡنُوۡنِیۡ بِحُرۡمَۃِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ اَجۡمَعِیۡنَ

روحانی ماہنامہ آئینہ قسمت میں تمام اعمال نیک نیتی کی بناء پر عاملین وقارئین کے استفادہ کیلئے دیئے جاتے ہیں۔ جائز کام میں تو اللہ اور اس کا رسول بھی مدد کرتے ہیں۔ ناجائز عمل کرنے سے باز رہیں، ورنہ سخت رجعت بھی ممکن ہے۔ بہرحال جب بھی کوئی عمل کریں تو لازم ہے کہ عمل کی رجعت سے بچنے کیلئے 6 کلو چینی، ایک کلو سوجی یا بارہ کلو باجرہ، دو کلو چاول اپنے سر سے وار کر رکھ لیں۔ بعد از عمل استعمال سے پہلے کسی بھی قبرستان جاکر عامل شاہ زنجانی کا اور اپنا اہل قبور کو سلام عرض کریں اور فاتحہ کوانی کرکے درختوں کی جڑوں میں حشرات الارض کو صدقہ ڈال دیں اور صدقہ ڈالنے کے بعد پیچھے مڑ کر نہ دیکھیں۔ یہ صدقہ صرف ایک عمل کیلئے ہے، دوسرے عمل کیلئے علیحدہ صدقہ دیں۔

ساعات کی ترتیب آپ کے شہر کے طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہے

شمار	پہلی							دوسری								تیسری							چوتھی	
دن	1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12	13	14	15	16	17	18	19	20	21	22	23	24
اتوار	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
پیر	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
منگل	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
بدھ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
جمعرات	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
ہفتہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ

مقابلہ شمس زحل: اس نحس وقت کی ابتداء 2 جون 12 بجکر 22 منٹ، مکمل نظر 3 جون 11 بجکر 37 منٹ اور خاتمہ نظر 3 جون 23 بجکر 14 منٹ پر ہوگا۔ نفاق، بغض، عداوت، تنزلی، دشمنان کے لیے اشد ضروری ہو تو سورۃ لہب کے خالی البطن نقش کو ساعت زحل میں لکھ کر احاطہ قبور میں دفن کریں۔

۷۸۶		
۱۴۵۵	۲۸۸۶	۴۸۵
۳۴۰۱	یہاں مقصد لکھیں	۲۴۲۵
۹۷۰	۱۹۴۰	۲۹۱۶

قران شمس زہرہ: جدید علم نجوم میں اس سعد نظر کی ابتداء 3 جون 10 بجکر 22 منٹ، مکمل نظر 7 جون 2 بجکر 48 منٹ اور خاتمہ نظر 8 جون 22 بجکر 55 منٹ پر ہوگا۔ اس وقت پاکیزہ محبت روحانیت بڑھانے کے لیے درود شریف کثرت سے پڑھیں اور نقش مہر نبوت لکھ کر اپنے پاس رکھیں۔

۷۸۶		
۱۱۱	۳۰۶	۳۷
۲۶۹	یہاں مقصد لکھیں	۱۸۵
۷۴	۱۴۸	۲۳۲

مقابلہ زہرہ زحل: اس نحس وقت کی ابتداء 3 جون 11 بجکر 21 منٹ، مکمل نظر 4 جون 5 بجکر 46 منٹ اور خاتمہ نظر 4 جون 14 بجکر 59 منٹ پر ہوگا۔ ناجائز محبت کرنے والے مرد وزن میں نفاق کے لیے سورۃ مائدہ کا خالی البطن نقش ساعت زحل میں لکھ کر ویران درخت یا احاطہ قبور میں دفن کریں۔ ناجائز ہرگز نہ کریں۔

۷۸۶		
۲۱۲۳۶	۵۶۵۶۹۸	۷۰۷۱۲
۴۹۴۹۸۶	یہاں مقصد لکھیں	۳۵۳۵۶۰
۱۴۱۴۲۴	۲۸۲۸۴۸	۴۲۴۲۷۴

تربیع شمس مشتری: اس نحس وقت کی ابتداء 3 جون 12 بجکر 49 منٹ، مکمل نظر 4 جون 15 بجکر 57 منٹ اور خاتمہ نظر 5 جون 5 بجکر 33 منٹ پر ہوگا۔ حاسدین، دشمنوں کی زبان بندی اور انہیں پریشان و ویران کرنے کے لیے ضروری ہو تو سورۃ فیل کا خالی البطن نقش ساعت شمس یا مریخ میں لکھ کر احاطہ قبور میں دفنائیں۔

۷۸۶		
۱۴۶۴	۳۹۰۷	۴۸۸
۳۴۱۹	یہاں مقصد لکھیں	۲۴۴۰
۹۷۶	۱۹۵۲	۲۹۳۱

تربیع زہرہ مشتری: اس نحس وقت کی ابتداء 4 جون 9 بجکر صفر منٹ، مکمل نظر 5 جون 5 بجکر 48 منٹ اور خاتمہ نظر 5 جون 16 بجکر 13 منٹ پر ہوگا۔ دو ناجائز محبت کرنے والوں میں نفاق کے لیے ساعت زحل میں سورۃ مائدہ کا خالی البطن نقش لکھ کر وزن کے نیچے دبائیں۔ ناجائز ہرگز نہ کریں۔

(نقش پہلے دیا جا چکا ہے)

مقابلہ عطارد مریخ: اس نحس وقت کی ابتداء 9 جون 5 بجکر 15 منٹ، مکمل نظر 9 جون 21 بجکر 55 منٹ اور خاتمہ نظر 10 جون 6 بجکر 9 منٹ پر ہوگا۔ دشمنوں، حاسدین کو ان کے بد ارادوں میں زیر کرنے کے لیے سورۃ کوثر کا خالی البطن نقش ویران درخت سے لٹکائیں۔ ناجائز ہرگز نہ کریں۔

(نقش آگے دیا جا رہا ہے)

مقابلہ عطارد زحل: اس نحس وقت کی ابتداء 20 جون 6 بجکر 29 منٹ، مکمل نظر 20 جون 19 بجکر 51 منٹ اور خاتمہ نظر 21 جون 2 بجکر 27 منٹ پر ہوگا۔ حاسدین، مخالفین کی املاک کو نقصان پہنچانے کے لیے سورۃ کوثر کا خالی البطن نقش ساعت زحل میں لکھ کر احاطہ قبور میں دبائیں۔ ناجائز ہرگز نہ کریں۔

۷۸۶		
۶۸۷	۱۸۳۸	۲۲۹
۱۶۰۹	یہاں مقصد لکھیں	۱۱۴۵
۴۵۸	۹۱۶	۱۳۸۰

تربیع عطارد مشتری: اس نحس وقت کی ابتداء 22 جون 13 بجکر 57 منٹ، مکمل نظر 23 جون 3 بجکر 54 منٹ اور مکمل نظر 23 جون 10 بجکر 52 منٹ پر ہوگا۔ دشمنوں کو ذلیل و خوار کرنے کے لیے ضروری ہو تو سورۃ لہب کے خالی البطن نقش سے استفادہ کریں۔

(نقش پہلے دیا جا چکا ہے)

نوٹ: جو بہن بھائی خود یہ اعمال نہ کر سکیں۔ وہ شاہ زنجانی سے رجوع کریں۔

عمل حاضری مطلوب

اس کا طریقہ یہ ہے۔ یاد رہے یہ عمل حضرت کاش البرنی مرحوم کا ہے۔ جس میں قرآن پاک کی سورۃ آلِ عمران کی آیت نمبر 4 استعمال کی گئی ہے۔ کتاب کے مطابق یہ عمل باقاعدہ مفتاح مغلاق کے طریقہ پر مؤکلات تیار کیے جاتے ہیں، یہ بہت مشکل طریقہ ہے۔ اگر درست طریقے پر تیار ہو جائے تو غوری میزائل کی طرح کام کرتا ہے۔ اس عمل کی مقبولیت اور وسعت اور پُر تاثیری حیران کن ہے۔ غور سے سمجھیں:

(1) مطلوب کے نام کے اعداد معہ والدہ کو خانہ نمبر اول میں رکھ کر 22 کے اضافہ سے خانہ نمبر 4 تک پہلا دور مکمل کرو۔

(2) طالب معہ والدہ کے اعداد خانہ نمبر 5 میں رکھیں اور 22 کے اضافہ سے خانہ نمبر 8 تک دوسرا دور مکمل کریں۔

(3) خانہ نمبر 9 میں محبت کے اعداد 450 رکھیں اور 22 کے اضافہ سے خانہ نمبر 12 تک تیسرا دور مکمل کریں۔

(4) اب خانہ 4۔ 7۔ 10 کے اعداد کو جمع کر کے 3616 سے تفریق کریں اور حاصلہ عدد کو خانہ 13 میں رکھیں اور 22 کے اضافہ سے خانہ 16 تک چوتھا دور مکمل کریں۔

اب اس نقش کی پڑتال کریں، ہر طرف سے وفق 3616 آنا چاہیے۔ اگر میزان مطلوبہ آئے تو نقش درست ورنہ تصحیح کریں۔ ایک نقش تو کاغذ پر ہوگا اور ایک چاندی کی لوح پر تیار کریں۔ اس کے نیچے عزیمت لکھیں۔

اجمع بلبيني (نام طالب معہ والدہ و بين (نام مطلوب معہ والدہ) يا جامع المنفردين والقيت عليك محبة منّي و لتصنع على عيني يحبونهم كحب الله والذين امنو اشد حبا الله العجل الساعة الوحا۔

کاغذ اور لوح کی دوسری طرف بدوح کا نقش عددی آتشی چال سے لکھیں، کاغذ والا گلے میں یا بازو پر باندھ لیں اور لوح کو گرم کریں، اب گرم کرنے کا طریق مختلف ہے، مقصد ہے حرارت لگا تار مسلسل پہنچتی رہے، انشاء اللہ مطلوب حاضر ہوگا۔

۸	۶	۴	۲
۲	۴	۶	۸
۶	۸	۲	۴
۴	۲	۸	۶

۷۸۶
جبرائیل

۱۶۲۴ (۱۳)	۴۷۲ (۱۰)	۱۱۷۸ (۷)	۳۴۲ (۴)
۳۲۰ (۳)	۱۲۰۰ (۸)	۴۵۰ (۹)	۱۶۴۶ (۱۴)
۵۱۶ (۱۲)	۱۶۶۸ (۱۵)	۲۹۸ (۲)	۱۱۳۴ (۵)
۱۱۵۶ (۶)	۲۷۶ (۱)	۱۶۹۰ (۱۶)	۴۹۴ (۱۱)

عزرائیل — حمعسق
اسرافیل — کھیعص
میکائیل

(بقیہ صفحہ نمبر 19 پر)

افسران کی تسخیر، معطلی ملازمت، ترقی عہدہ، حسب منشاء آفس میں عہدہ، عزت، شہرت، رزق میں برکت، غرض ہر نیک اور جائز مقصد میں یہ لوح اوج شمس معاون ثابت ہوگی۔

اگر وقت مقررہ پر یہ لوح آپ تیار کرلیں تو سمجھ لیں زندگی میں انشاء اللہ انقلاب آجائے گا، دن دگنی رات چوگنی ترقی ہوگی، ہر چھوٹا بڑا اس کی عزت کرے گا، عروج کمال ایسا ملے گا کہ ایک دفعہ تو بادشاہی کا لطف آئے گا۔ شمس کی ساعت میں بخول صندل سرخ جلا کر سونا (Gold) چاندی یا تانبا پر کندہ کریں۔ یہ نقش قرآن مجید کی آیت قل اللھم مالک الملک تابغیر حساب ہ کا ہے۔ جو کہ سیارہ شمس سے منسوب ہے، پہلے یہ نقش حسب رفتار لکھیں، پھر اس کے گرد 41 بار (م) لکھیں۔ دس دس بار تینوں طرف اور گیارہ بار نیچے جیسا کہ نقش کے نیچے لکھا ہے۔ پھر نقش کے چاروں طرف سریانی اسم اعظم لکھیں گے۔

جب لوح تیار ہو جائے تو اس پر عطر گلاب لگا کر اور طلوعِ آفتاب کے وقت اس لوح کو شیشے کے جار میں ڈال کر سورج کے سامنے رکھیں لیکن جگہ اونچی ہو، جیسے چھت وغیرہ۔ جب آفتاب غروب ہو تو اندر کمرہ میں رکھ دیں۔ یہ عمل سات دن متواتر کیا جائے گا، پھر اس لوح کو زرد رنگ کے ریشمی کپڑے میں لپیٹ کر پاس رکھیں۔ کبھی کبھی اس پر عطر گلاب لگا دیا کریں، اگر ہو سکے تو روزانہ طلوعِ آفتاب کے وقت آیت مبارکہ 81 بار یا 7 بار پڑھ لیا کریں تو بہت جلد اثرات ظاہر ہوں گے۔ یہ نقش سرِ الجمیل کتاب سے ماخذ ہے لیکن میرے بار ہا تجربہ میں آچکا ہے، اس لیے لکھ رہی ہوں۔ نقش درج ذیل ہے:

۷۸۶

جبرائیل

۴۲۰۵	۴۲۰۹	۴۲۱۲	۴۱۹۸
۴۲۱۱	۴۱۹۹	۴۲۰۴	۴۲۱۰
۴۲۰۰	۴۲۱۴	۴۲۰۷	۴۲۰۳
۴۲۰۸	۴۲۰۲	۴۲۰۱	۴۲۱۳

بقیہ: کراماتِ جفر اوجِ زہرہ حصولِ انعام کے خاص عملیات

اسے اپنی محبت میں بے قرار کیا جا سکتا ہے، یہ عمل کسی کتاب سے نہ ملے گا۔

طریقہ یہ ہے کہ اوج زہرہ میں پورے لوازمات کے ساتھ گیارہ عدد خوشبو دار اگر بتیاں جلائیں تاکہ کمرہ میں خوشبو سے معطر ہو جائے۔ پھر رجال الغیب پشت پر کر کے بیٹھ جائیں۔ پھر سفید کاغذ پر زعفران و عرقِ گلاب سے مندرجہ ذیل لوح تسخیر خاص دو عدد تحریر کریں اور عبارتِ عمل پانچ سو مرتبہ اول و آخر 11۔11 بار درود شریف کے ساتھ پڑھیں اور الواح پر دم کر دیں۔ اسی طرح گیارہ دنوں تک ورد کر کے دم کرتے رہیں۔ پھر حضرت داتا گنج بخش کی مٹھائی پر نیاز دلائیں اور بچوں میں تقسیم کر دیں۔ ایک لوح تسخیر خاص طالب اپنے پاس چاندی میں بند کر کے رکھے اور دوسری لوح مبارکہ لوہے میں بند کروا کر قبرستان میں دفن کر دیں۔ انشاء اللہ سات، گیارہ، یا اکیس دنوں میں مقصد حل ہو جاتا ہے۔ اسے آپ نوچندی جمعہ میں بھی کر سکتے ہیں۔

اقسمت علیکم اجب یا فتمائیل بحرمة والقیت علیك محبة منی ولتصنع علی عینی و بحرمة یا جبرائیل و یامیکائیلُ و یا اسرافیل و یا عزرائیل فلاں بن فلاں بن فلاں بن فلاں کے واسطے بے قرار کر کے حاضر کرو و بحق یاودودو یابدوح العجل الساعة الوحا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

بدوح ۵۱۲۹	بدوح ۵۱۳۲	بدوح ۵۱۳۵	بدوح ۵۱۲۲
بدوح ۵۱۳۴	بدوح ۵۱۲۳	بدوح ۵۱۲۸	بدوح ۵۱۳۳
بدوح ۵۱۲۴	بدوح ۵۱۳۷	بدوح ۵۱۳۰	بدوح ۵۱۲۷
بدوح ۵۱۳۱	بدوح ۵۱۲۶	بدوح ۵۱۲۵	بدوح ۵۱۳۶

میکائیل

وکفی باللہ شہیدا محمد رسول اللہ

(یہاں مدعا عمل تحریر کریں)

اوجِ زہرہ کا خاص عمل برائے خواتین

اوقات اوج زہرہ: ابتداء 10 جون 17 بجکر 10 منٹ - انتہا 11 جون 12 بجکر 41 منٹ

سیارہ زہرہ پیار محبت، شادی، عزت، شہرت اور خوبصورتی چہرہ سے منسوب ہے۔

اوج زہرہ کے مبارک وقت میں ہر قسم کے مجرب عملیات شائع ہوتے رہتے ہیں۔ اس دفعہ میں خصوصی عمل برائے خوبصورتی چہرہ لے کر حاضر ہوئی ہوں۔ یہ عمل خواتین اور حضرات کے لیے یکساں فائدہ مند ثابت ہوا ہے۔ سیارہ زہرہ عورت سے منسوب ہے اور حسن جمال خوبصورتی اسی سیارہ سے منسوب ہے۔ بہت ساری پریشان خواتین اپنے بگڑتے ہوئے چہرے کو سنوارنے کے لیے عجیب قسم کے صابن پاؤڈر کریم لوشن استعمال کرتی ہیں۔ ہزاروں میں سے کسی ایک عورت کو ہی فائدہ نصیب ہوتا ہے۔

ترکیب: اگر کسی کا جادو ٹونہ کی وجہ سے کسی حاسد نے روزگار کاروبار بند کر دیا ہو تو اس کے کرنے سے کھل جائے گا۔ اجازت شرط ہے۔ صبح نماز فجر کے بعد قبلہ رخ بیٹھ کر پہلے گیارہ استغفار پڑھے، اپنے لیے اور تمام مسلمانوں کی بخشش کی دعا مانگے، پھر ایک سو ایک بار کوئی سا درود شریف پڑھے، پھر تسمیہ پڑھ کر یہ اوپر والا عمل سات سو بار وِرد کیا کرے۔ انشاء اللہ اگر توجہ خلوصِ نیت سے عمل کرنے والا سات دن میں اس کے اثرات دیکھے گا۔ عمل جلالی ہے۔ کچا لہسن، پیاز، چٹنی، بڑے گوشت کا پرہیز کریں۔ ہر وقت باوضو رہنے کی کوشش کریں اور چلتا پھرتا درود شریف کا وِرد رکھے۔ اس عمل کو شروع کرنے سے پہلے ایک دیگ بریانی کی پکوا کر ایصالِ ثواب سرکار دو عالم ﷺ اور حضور پاک کی اہل بیت کو کرے۔ اگر اتنی ہمت نہ ہو تو اپنی طاقت کے مطابق ایصالِ ثواب کرے اور دعا مانگے، جیسے بھی حالات درست ہوں گے۔ فوری طور پر دیگ بریانی اور دوسری چیزیں تقسیم کروں گا۔ ہر جمعرات کو پانچ چھٹانک یا چودہ چھٹانک گوشت ویران جگہ رکھ دیا کرے اور گھر وضو کر کے آئے۔ اگر اس کا نقش مشک زعفران اور گلاب کے عرق سے بنوا کر کسی صاحب علم سے اپنے پاس رکھے تو رجعت سے محفوظ رہے گا۔ کسی بدپرہیزی کی وجہ سے نقصان کا خطرہ نہیں رہے گا، جو فائدہ اُٹھائے، جب اپنے لیے دعا کرے تو ادارہ کے لیے بھی دعا کرے، جن کے ذریعے آپ تک مضمون پہنچا ہے۔

عمل نمبر 3: وسعت رزق کے لیے نقش بمعہ عمل ملازمت میں ترقی کے لیے بھی مجرب ہے

ترکیب عمل: جو آگے نقش دیا جا رہا ہے اس میں جو اسم ہے۔ اس کو روزانہ بارہ ہزار بار نوچندی جمعرات یا جمعہ کو سورج نکلنے کے بعد پڑھنا ہے۔ سات دن پڑھائی کے بعد یہ نقش لکھ کر اس پر پھونک ماریں اور اپنے رزق میں وسعت کے لیے دعا کریں۔ آٹھویں دن نقش سامنے رکھ کر عمل پڑھ کر دم کر دیں۔ یہ طریقہ ہمیشہ کرتے رہیں۔ جب عمل کو چودہ دن

ہو جائیں تو دم کر کے دعا کر کے نقش دائیں بازو پر کپڑے میں موم جامہ کر کے باندھ لیں اور روزانہ اسم گیارہ بار پڑھ کر دعا مانگ لیا کریں۔ اگر توجہ عمل کریں گے تو خدا کے اسم کا کرشمہ چودہ دن میں دیکھیں گے۔ اگر دل میں کہیں تجربہ کرتے ہیں کام ہوتا ہے یا نہیں تو پھر کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔ البتہ اس گستاخی کی سزا بھگتنے کے لیے تیار رہیں۔ اگر کوئی کسی کو گالی دیتا ہے تو اس کا اثر آپ فوری قبول کر لیتے ہیں تو جس مالک نے تم کو انسان بنایا۔ اس کے اسماء مبارک کا آپ کے سامنے کوئی اثر نہیں ہے۔ اس لیے یقین شرط ہے، مثل مشہور ہے پیر کامل نہیں یقین کامل ہے۔ آخری خانہ میں نام بمعہ والدہ لکھو، بمعہ مقصد لکھو۔ نقش یہ ہے۔

بحق جبرائیلؑ — ۷۸۶ — بحق میکائیلؑ

یارزاق ١٦٩٧٣	یارزاق ١٦٩٨٧	یارزاق ١٦٩٨٣	یارزاق ١٦٩٨٠	فلاں
یارزاق ١٦٩٨٤	یارزاق ١٦٩٧٩	یارزاق ١٦٩٧٤	یارزاق ١٦٩٨٤	بن یا بنت
یارزاق ١٦٩٧٨	یارزاق ١٦٩٨١	یارزاق ١٦٩٨٩	یارزاق ١٦٩٧٥	فلاں کے رزق میں
یارزاق ١٦٩٨٨	یارزاق ١٦٩٧٦	یارزاق ١٦٩٧٧	یارزاق ١٦٩٨٢	وسعت و فراوانی ہو

جو لوگ عمل کرنا زیادہ دن تک پسند نہیں کرتے اور مجرب نقش کی تلاش میں رہتے ہیں۔ ان کے لیے یہ نعمت ہے۔ یہی نقش عمل کرنے کے بعد ایک زیادہ لکھ کر اپنی دکان یا کاروبار کی جگہ لٹکا سکتے ہیں۔ روزانہ نیچے اگربتی جلا دیا کریں تا کہ دھواں نقش تک جاتا رہے۔

عمل نمبر 4: جن کو تسخیر کرنے کے لیے آسان تجربہ شدہ عمل اس کو بانڈ کا نمبر حاصل کرنے کے لیے بھی پڑھا جا سکتا ہے اور مال و دولت کا پتہ چلانے کے لیے بھی

ترکیب: دنیا میں ہر مذہب کے ماننے والوں کی کوشش ہوتی ہے کہ مجھے میری مشکل کے حل کے لیے کوئی آسان طریقہ دستیاب ہو جائے۔ یہ عمل ان لوگوں کے لیے خاص ہے۔ کیونکہ اس کی پڑھائی کے لیے کسی ویران جگہ پر جانے کی ضرورت نہیں اور نہ دریا پر رات کو جانے کی ضرورت ہے، نہ علیحدہ مکان میں پڑھنے کی شرط ہے۔ اس عمل کے پڑھنے کے لیے عشاء کے بعد آپ اپنے قریب کی مسجد یا امام بارگاہ میں ایک جگہ پر پڑھ کر وہیں سو جایا کریں یا چارپائی پاس ہے تو وہیں سو جائیں لیکن پڑھتے وقت کوئی دوسرا نزدیک نہ ہو، پڑھائی کے بعد اس جگہ آس پاس اور لوگ سو سکتے ہیں۔ اگر درخت کے نزدیک پڑھ کر درخت کے آس پاس چارپائی پر سو جائیں تو جلدی اثر ہوگا۔ اگر مسجد یا امام بارگاہ میں پڑھنا ہے تو آ کر درخت کے نیچے یا آس پاس سو جایا کریں تو اس کے اثرات جلدی سامنے آ جاتے ہیں۔ اگر اس عمل کو بانڈ نمبر حاصل کرنے یا دولت رکھ کر کوئی بھول گیا ہو یا کسی رشتے دار کی زمین میں خزانہ دفن کیا، اب یاد نہیں کہاں دفن کیا ہے تو اس کلام کو رات عشاء کے بعد کپڑوں کو خوشبو لگا کر سامنے لوبان کوگل کی دھونی جلتی دیں۔ اس اسم کو دس ہزار بار پڑھیں اور مقصد کا خیال رکھیں۔ پھر آ کر سو جایا کریں۔ اگر امام بارگاہ یا مسجد میں پڑھیں تو وہاں لوبان کوگل کے بدلے اگربتی 12 عدد جلا دیا کریں روزانہ۔ تیس دن کے بعد اثرات شروع ہوں گے، جو عجیب ہوں گے، ان سے خوف زدہ نہ ہوں۔ پینتالیس دن کے بعد سامنے آئے گا یا خواب میں آپ کے مسئلے کا حل بتائے گا۔ اس کو دیکھ کر کوئی آیت قرآنی کا عمل اس کو دور کرنے کے لیے نہ پڑھیں، ورنہ یہ ناراض ہو کر چلا جائے گا، جانے سے پہلے جسم کو کوئی نقصان بھی دے گا۔ جو میرے ساتھ واقعات ہوئے عمل کرنے والا خط لکھ کر معمولی واقعات معلوم کر سکتا ہے۔

اگر اس کو اپنے پاس ہمیشہ رکھنا ہو تو پھر دوپہر کو دس ہزار، عشاء کے بعد دس ہزار بار پڑھنا ہوگا۔ مدت تین چلہ میں کام ہو جائے گا۔ پرہیز جو عملیات کی بنیاد ہے، رکھیں اور پڑھائی سے پہلے ایک دیگ پکائیں یا پانچ کلو چاول

ابال کر اوپر چینی دودھ ڈال کر بچوں میں اور بڑوں میں تقسیم کریں۔ ہر جمعرات کو برفی پانچ چھٹانک خرید کر قبرستان میں ڈال دیا کریں یا مزار پر تقسیم کر دیا کریں۔ اونچی آواز دے کر کہے، یہ دوست کی چیز تقسیم کرنی ہے، آ کر لے لو۔ شاید اس سے آسان اور تھوڑے الفاظ والا تجربہ شدہ کسی سے عمل ملے یا ہے تو برائے مہربانی شائع کرائیں۔ عمل یہ ہے:

یَا مُحْیِیُ

حصار کی کوئی ضرورت نہیں۔ اگر کوئی شخص کسی صاحب عمل سے کوئی نقش حفاظت کا اپنے پاس رکھنا چاہے تو زیادہ حفاظت ہوگی۔ لیکن نقش مشک زعفران گلاب کے عرق کا لکھا ہوا ہونا چاہیے۔ دوسرا اثر نہیں کرے گا اور کلام نوری ہو۔ لکھنے والا اس کا عامل ہو، ورنہ یہ چیز غصہ بھی کر سکتی ہے، ہر چیز کھول کر بیان کر دی ہے۔ عروج ماہ ہو، قمر در عقرب نہ ہو، رجال الغیب سامنے نہ ہوں، زنجانی جنتری سے رجال الغیب معلوم کر سکتے ہیں۔

عمل نمبر 5: تسخیر جن کیلئے سورۃ جن کا مجرب عمل

اس عمل سے اپنی پریشانی دور کی جا سکتی ہے، کاروباری بندش دور ہو سکتی ہے۔

ترکیب عمل: دنیا میں جہاں اچھے لوگ ہیں، وہاں نقصان دینے والے بھی ہیں جو کسی کو کھاتا پیتا نہیں دیکھ سکتے، ان حاسدوں کی کوشش ہوتی ہے۔ ہمارے علاوہ کسی کی شہرت نہ ہو، ہمارا ہی حکم چلے، ایسے لوگ اپنے جیسے پیشہ ور عاملوں سے شریف لوگوں کو بیمار کرنے، ان کا کاروبار بند کرانے کے لیے عمل کروا دیتے ہیں۔ ایسے لوگوں کو اس عمل کے کرنے سے فوری فائدہ ہوگا، جو کسی کے پاس جانے سے شرماتے ہیں یا اتنی رقم نہیں ہے، خرچ کر کے اپنا کام کر سکیں، ان کے لیے یہ فائدہ مند ہے، خود محنت کر کے اس مصیبت کو دور کر سکتے ہیں۔ اپنی ذاتی پریشانی دور کرنے کے لیے یا کاروباری بندش دور کرنے کے لیے عشاء کے بعد علیحدہ بیٹھ کر سورۃ جن قرآن پاک کھول کر پڑھنی شروع کریں، اس کو سات بار پڑھنا ہے، اس کے بعد اپنے مقصد کی دعا کرنی ہے، جس کو زبانی یاد ہے وہ زبانی پڑھ سکتا ہے، چند دن کے بعد سوتے وقت ایسا معلوم ہوگا کسی نے رسی سے باندھ دیا ہے، گھبرا کر عمل نہ چھوڑیں۔ یہ طریقہ خود بخود ختم ہو جائے گا۔ جب آپ کی نحوستیں ختم ہو جائیں گی، چالیس دن میں آپ اپنی آنکھوں سے پریشانی دور ہونے کے اسباب دیکھیں گے، عمل تین ماہ کرنا ہے۔

عمل شروع کرنے سے پہلے اجازت لازمی لیں، پڑھائی عروج ماہ کریں، پڑھائی سے قبل ایک دیگ چاول یا کھیر کی پکا کر حضرت محمد ﷺ کو اس کا ثواب پہنچا کر اور سورۃ جن کے مؤکلات کو اس کا ثواب پہنچا کر تقسیم کریں۔ بعد میں یہ پڑھائی اپنے لیے شروع کریں۔ حاضری جن کا جو شوق رکھتے ہیں، وہ سورۃ جن کو گیارہ بار آیت الکرسی کا حصار ڈال کر پڑھا کریں۔ رات کو سونے سے پہلے آیت الکرسی کا حصار کر کے سوئیں، جو شریعت نے جائز کیا کھائیں جو ناجائز کیا ہے احتیاط کریں، روزی حلال کھائیں، اپنی آنکھیں نیچی کر کے بازار میں جائیں، بدبودار اشیاء سے پرہیز کریں، بڑا گوشت کھانے سے بھی پرہیز کریں، گیارہ ماہ بعد یا ان ایام کے اندر رات کو جب آپ کی آدھی رات کے بعد آنکھ کھلے گی تو ذرا فاصلے پر جن بیٹھا ہوا دیکھیں گے، تھوڑی دیر کے بعد آنکھ بند کر کے دیکھیں گے تو وہی بیٹھا نظر آئے گا، آپ کو دہشت ہو گی، اسی طرح نظارہ دے گا، اگر آپ نے یہ نظارے دیکھ کر رات کو ڈر کے مارے پڑھنا چھوڑ دیا تو عمل بے کار پڑھتے رہے تو حد درجہ چودہ ماہ میں آپ اس قوت کو تسخیر کر لیں گے۔ یہ عمل آپ اپنے گھر پڑھ سکتے ہیں، باقی شرطیں وہی ہیں جو مشکل حل کے لیے ہیں۔ حفاظت کے لیے اس سورۃ کا نقش کسی صاحب عمل سے اپنے لیے یا اپنے گھر کی حفاظت کے لیے بنوا کر رکھ سکتے ہیں۔ مشک زعفران گلاب کے عرق کی سیاہی اس نقش کو استعمال کا طریقہ وہی بتائے گا، جس سے یہ عمل کرائیں گے۔ استخارہ کر کے بھی عمل کر سکتے ہیں۔ آپ کی مرضی پر منحصر ہے۔

☆☆☆

جون 2016ء کیلئے پرائز بانڈز خریدنے کی تواریخ بمعہ اوقات

تاریخ: 01-06-2016
دن: بدھ
شہر: لاہور
مالیت بانڈ: 40000

6	7
1	2

تاریخ: 15-06-2016
دن: بدھ
شہر: فیصل آباد
مالیت بانڈ: 200

7	2
3	9

نمبر شمار	تاریخ	نیک وقتِ خریداری
1	3 جون 2016ء	صبح 09 بجکر 10 منٹ سے لے کر 10 بجکر 01 منٹ تک
2	4 جون 2016ء	دوپہر 13 بجکر 05 منٹ سے لے کر 14 بجکر صفر منٹ تک
3	7 جون 2016ء	سہ پہر 15 بجکر 01 منٹ سے لے کر 16 بجکر صفر منٹ تک
4	17 جون 2016ء	دوپہر 11 بجکر 10 منٹ سے لے کر 11 بجکر 55 منٹ تک
5	20 جون 2016ء	صبح 09 بجکر 1 منٹ سے لے کر 09 بجکر 50 منٹ تک

انعام لکی نمبرز آئینہ قسمت میں

لاہور — مالیت -/40000 — مورخہ 01/06/2016

12	25	49	59	95	99	(بونس) 5921

فیصل آباد — مالیت -/200 — مورخہ 15/06/2016

12	24	39	42	82	94	(بونس) 2493

ہماری دعا ہے کہ آپ ان لکی نمبرز سے فیض یاب ہوں۔ کسی نقصان سے بچنے کے لیے پرچی نمبر کی بجائے پرائز بانڈز کی خرید پر توجہ دیں۔ ماہرین علم الاعداد کی تمام تر ذہانت آپ کے لیے وقف ہے۔ (ادارہ)

گولڈن انعام لکی نمبرز

لاہور — مالیت -/40000 — مورخہ 01/06/2016

5 1 3 / 0 6 8	= 5 8 1	= F S	
4 7 6 / 9 2 1	= 9 7 4	= F S	
5 8 2 / 0 3 7	= 2 3 5	= F S	
9 9 6 / 4 4 1	= 4 4 1	= F S	

فیصل آباد — مالیت -/200 — مورخہ 15/06/2016

5 9 7 / 0 4 2	= 7 4 5	= F S	
2 1 3 / 7 6 8	= 3 1 8	= F S	
6 4 8 / 1 9 3	= 3 8 1	= F S	
5 6 9 / 0 1 4	= 6 9 5	= F S	

	0	1	2	3	4	5	6	7	8	9	ممکنہ ٹنڈولے	
0		01			04	05		07		09	079	091
1	10		12	13	14				18		102	184
2	20		22	23		25				29	223	259
3		31	32	33			36	37			316	378
4		41		43	44	45			48	49	414	481
5	50		52	53		55	56	57			523	579
6		61			64	65		67	68	69	614	687
7	70		72			75	76		78		725	781
8		81	82	83				87		89	819	890
9	90			93	94		96		98		906	981

تاریخ: 01-06-2016
دن: بدھ
شہر: لاہور
مالیت بانڈ: 40000

79	01	48
62	07	13
64	09	79
31	04	82

تاریخ: 15-06-2016
دن: بدھ
شہر: فیصل آباد
مالیت بانڈ: 200

14	00	48
59	03	51
32	06	79
08	03	39

4 / 0 (1) 9 / 8

2 / 5 (6) 3 / 4

تاریخ: 15-06-2016
دن: بدھ
شہر: فیصل آباد
مالیت بانڈ: 200
اوپن

F			S
72	6	4	40
82	(5)		39
22	9	1	87
32			09

فسٹ	725-826-224-321
سیکنڈ	406-396-871-096
سیکنڈ	567-431-646-514

تاریخ: 01-06-2016
دن: بدھ
شہر: لاہور
مالیت بانڈ: 40000
اوپن

F			S
06	4	8	00
56	(3)		57
76	7	2	76
96			42

5 - 9 - 7 - 0

فسٹ	438-723-406-573
سیکنڈ	720-769-960-004
سیکنڈ	590-965-482-847

تاریخ: 01-06-2016
دن: بدھ
شہر: لاہور
مالیت بانڈ: 40000

3398-4185-9066

235 339 418	9	6	23 33 41
	(0)		
893 983	1	8	89 98

3598-2359

تاریخ: 15-06-2016
دن: بدھ
شہر: فیصل آباد
مالیت بانڈ: 200

1052-1065

105 106 339	9	6	10 23 33
	(5)		
856 906	8	2	85 89

1069-4785

بانڈ مالیت: 40000 شہر: لاہور ڈرا: 66

دن: بدھ تاریخ: 01-06-2016

صفحہ جفت میں	تعلق آکڑہ	صفحہ طاق میں
2 - 4 - 6	1 - 2 - 6 - 7	1 - 3 - 7

کلوز: 1 - 3 - 5 - 7 - 9 سنٹر: کلی میں لگے گا۔

بانڈ مالیت: 200 شہر: فیصل آباد ڈرا: 66

دن: بدھ تاریخ: 15-06-2016

صفحہ طاق میں	تعلق آکڑہ	صفحہ جفت میں
6 - 8	4 - 1 - 8 - 9	1 - 3 - 9 - 7

کلوز: کلی میں 9 ورنہ جفت لگے گا۔ سنٹر: 5 - 4 - 3 - 2

دوستو آداب! پہلے تو میں شہزادہ سیّد مصوّر علی زنجانی صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ جنہوں نے مجھے اس قابل سمجھا اور آپ کی خدمت کے لیے مامور کیا۔ دوستو! میں 01-06-2016 لاہور بانڈ -/40000 اور فیصل آباد 15-06-2016 بانڈ -/200 آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اور مجھے کامیابی عطا فرمائے اور سیّد مصور علی زنجانی اور سیّد انتظار حسین شاہ زنجانی کو لمبی عمر عطا فرمائے اور ان کے علم میں اضافہ فرمائے۔ آمین

تاریخ: 01-06-2016
دن: بدھ
شہر: لاہور
بانڈ: -/40000

2 4 7 6 9 1	
47	26
69	12

تاریخ: 15-06-2016
دن: بدھ
شہر: فیصل آباد
بانڈ: -/200

6 2 7 1 4 5	
71	45
27	62

بقیہ: برج جوزا اور آپ کی شخصیت

اس کی خامیاں؟

وہ ناقابل بھروسہ، متلوّن مزاج، من موجی ہے' گھڑی بھر میں تولہ گھڑی میں ماشہ' وہ کسی کے ساتھ وابستہ ہونے سے سب سے زیادہ ڈرتا ہے' کسی موقع پر وہ یہ دعویٰ کرسکتا ہے کہ اسے کسی سے عشق ہوگیا ہے' اگلی مرتبہ وہ یہ بھول چکا ہوگا کہ اس نے ایسا کوئی دعویٰ بھی کیا تھا' اس کی وابستگی اس نوعیت کی ہے کہ وہ ہر دم کسی نئی بتِ طناز کے نمودار ہونے کے انتظار میں اپنا ایک پیر دروازے سے باہر نکالے اِدھر اُدھر دیدے گھماتا رہتا ہے' وہ اپنے احساسات کو خیالات میں ڈھالنا چاہتا ہے لیکن ان دونوں میں اس طرح الجھ کر رہ جاتا ہے کہ اس کی سمجھ میں نہیں آتا کہ وہ سوچ کیا رہا ہے اور محسوس کیا کر رہا ہے؟

اس کی توجہ کیسے حاصل کی جائے؟

اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ آپ نے کیا پہن رکھا ہے، وہ صرف اس پر غور کرے گا کہ آپ کیا کہہ رہی ہیں؟ جب سارے مہمان جا چکے ہوں اور صرف آپ دونوں تنہا رہ گئے ہوں تو شطرنج کی بساط بچھا لیجیے اور ہلکی ہلکی موسیقی فضا میں بکھرنے دیجیے جب آپ ہارنے سے زیادہ جیتنے لگیں تو سمجھ جائیں گی کہ اگلی چال چلنے کا وقت آ گیا ہے۔

حقیقت پسندانہ توقعات؟

شادی کو ہدف مت بنائیں حالانکہ آپ یہ مقصد حاصل کرسکتی ہیں' یہ وہ شخص نہیں ہے جو یہ سمجھتا بھی ہو کہ تحفظ کس چڑیا کا نام ہے' نہ ہی وہ سمجھنا چاہتا ہے' اگر آپ جذباتی اعتبار سے الگ تھلگ رہیں اور گہری جذباتی یقین دہانی اور عہد و پیماں کے بجائے ذہنی تحریک میں زیادہ دلچسپی لیں تو وہ آپ کا ہوسکتا ہے لیکن اگر آپ تحفظ، استحکام چاہتی ہیں اور یہ توقع رکھتی ہیں کہ وہ گھر لوٹ کر بغل گیر ہو جائے گا تو یہ بھول جائیں' اگر آپ کل کے بارے میں فکر مند ہوئے بغیر اسے قبول نہیں کرسکتیں تو نہ کریں' اگر آپ کل کے بارے میں فکر مند ہیں اور یہی آپ کی ترجیحات ہیں تو آپ پہلے ہی اسے کھو چکی ہیں جس کی متلاشی ہیں۔

حاکم سیارہ: عطارد　　نشان: جڑواں بچے

ذاتی عقیدہ: میں سوچتا ہوں　　مثبت اور مذکر برج

عنصر: ہوا　　توانائی: تغیر پذیر

نفسیاتی ٹائپ: سوچنا (Thinking) رنگ: پیلا، نیلا، اسکائی بلیو

اعضائے جسمانی: ہاتھ، سانس　　دھات: پارہ، پلاٹینم اور ایلومینیم

پتھر: فیروزہ اور زمرد یا جیڈ　　پھول: لیونڈ، بنفشہ، سوسن، آس

درخت: ناریل، کھجور　　بائیو کیمک سالٹ: کالی میور

مثبت توانائی

برج جوزا کے لوگ عام طور سے مطابقت پذیر، دانشور، بزلہ سنج، منطقی، مصروف، بے تکلف، تحریر اور زبان میں اچھے، زندہ دل، متجسس، ملن سار، سوشل، تخیلاتی، منوا لینے والے، پھرتیلے، مثبت، خوش مزاج ہوتے ہیں۔

منفی توانائی

دوسری طرف وہ نروس، ذہنی تناؤ کا شکار، سطحی، بے جوڑ، عیار، بے چین، دو رُخ رکھنے والے، گپ باز، وقت کی پابندی نہ کرنے والے، وعدہ خلاف، غیر ذمہ دار، ہرجائی، مبالغہ کرنے والے، حد سے زیادہ روشن پہلو کو مدنظر رکھنے والے، بے سروپا سوچنے والے اور سرد مہر ہوتے ہیں۔

پسند

جوزا افراد میں تنوع بہت ہوتا ہے، بیک وقت بہت سے جھمیلوں میں پھنسے رہنا، ایک سے زائد دلچسپیوں کی جانب راغب رہنا، نئے لوگ، نئے موضوعات، نئے آئیڈیے، لچک دار سوچ، علم رکھنا اور باخبر رہنا، فلرٹ کرنا، تفریح کرنا اور کہانیاں سنانا پسند کرتے ہیں

ناپسند

لیکن وہ غیر دلچسپ لوگوں کو، غیر متجسس لوگوں کو، حد سے زیادہ جذباتیت اور نامعقول رویّے کو، ملکیت جتانے والوں کو اور حسد کو برداشت نہیں کرتے۔

جوزا کا کردار

جوزا لوگوں کو علم کا متلاشی کہا جاتا ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ لوگ سب کچھ جان لینا چاہتے ہیں، علم سے بھی زیادہ ان کا مسئلہ ''نالج'' ہے وہ یہ برداشت نہیں کر سکتے کہ ان سے کوئی سوال کیا جائے جس کا جواب ان کے پاس نہ ہو اکثر جوزا افراد سے گفتگو کے دوران میں جب آپ ان کی معلومات میں کوئی اضافہ کرنے کی کوشش کریں تو وہ آپ کی بات کاٹ کر یہ کہہ سکتے ہیں ''ہاں ہاں، میں جانتا ہوں''

وہ متجسس، ملن سار، تخیلاتی، نالج کی شدید خواہش رکھنے والے، اپنا اظہار کرنے والے اور کہانیاں سنانے والے ہوتے ہیں، جوزا سوچنے، میل جول رکھنے اور معلومات تقسیم کرنے والے ہوتے ہیں، جوزا کا طرز زندگی متضاد ہے، یہ متحرک اور بہت سے مختلف لوگوں کے ساتھ مل کر کام کرنے والے ہوتے ہیں، ان کے تمام رویے ایک اختتام کا ذریعہ ہیں اور جوزا جس اختتام کے متلاشی ہوتے ہیں وہ ہے سچائی۔

شمسی برج جوزا والے اکثر دلچسپ اور دلچسپی لیتے ہوئے لیکن لاتعلق نظر آتے ہیں، وہ بہت زیادہ سوال کرتے ہیں، اکثر گفتگو میں حاوی رہتے ہیں اور معلومات کا خزانہ لٹاتے ہیں لیکن اکثر ان کی معلومات ذاتی نوعیت کی نہیں ہوتیں، وہ دنیا جہان کی باتیں کر سکتے ہیں جس میں ان کی اپنی ذات سے متعلق کوئی بات نہیں ہوگی، ممکن ہے وہ آپ کی تاریخ پیدائش جانتے ہوں لیکن آپ ان کی تاریخ پیدائش نہیں جانتے ہوں گے چناں چہ وہ اپنی تمام تر موجودگی کے باوجود نظر نہیں آتے۔

جوزا مثبت و مذکر توانائی ہے لیکن جڑواں کی علامت ہمیں بتاتی ہے کہ اس میں اور بھی بہت کچھ ہے، جڑواں منفی اور مثبت دونوں ہی ہوتے ہیں جیسا کہ کم و بیش ہم سب ہوتے ہیں لیکن جوزا میں یہ صفت بدرجہ اتم پائی جاتی ہے۔

جوزا کسی بحث کے دونوں پہلوؤں کو دیکھنا پسند کرتے ہیں، وہ بہت ہی عمدہ مباحثہ کرنے والے ہوتے ہیں اور حمایت اور مخالفت دونوں ہی میں اپنے خیالات کا اظہار کرنے پر قادر ہوتے ہیں اور مباحثہ جیت جاتے ہیں پھر وہ آپ پر یہ انکشاف کرکے کہ وہ درحقیقت آپ کے خیالات سے اتفاق کرتے ہیں، آپ کو ایک بار پھر سخت مشتعل کردیتے ہیں لیکن وہ صورت حال کی موزونیت کے اعتبار سے اپنے خیالات کو بدلنے میں کوئی حرج نہیں سمجھتے اور ربط ضبط کا سلسلہ جاری رکھنے کو اہمیت دیتے ہیں، اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ بجلی کی سی تیزی سے سوچنے کے اہل ہوتے ہیں۔

"ہم بڑی فصیح و بلیغ زبان میں دوسروں سے لڑتے ہیں لیکن جب اپنے آپ سے لڑتے ہیں تو اسے شاعری کہتے ہیں"

یہ تسلسل اور بہاؤ انہیں تھوڑا اہلکار بھی کردیتا ہے اور وہ کسی ایک شے پر ٹکنے سے قاصر رہتے ہیں، جوزا افراد میں کبھی کبھی طرز کے شعور کا فقدان بھی لگتا ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ دوسروں کی آنکھوں سے دیکھتے ہیں اور دوسروں کے ذوق کے مطابق خود کو ڈھال لیتے ہیں، اس طرح جوزا افراد حیرت انگیز طور پر اعلان کرنے والے ہیں، وہ آپ کی تعریف کرنے کا کوئی نہ کوئی زاویہ ڈھونڈ لیں گے جو شے بیشتر لوگوں کو پرانی، کشش سے عاری یا بھدی لگتی ہو، اس کے بارے میں جوزا افراد بڑے خلوص سے بحث کریں گے کہ یہ بالکل نئی ہے، بہت پر کشش ہے، نہایت نفیس ہے اور ممکن ہے ان کی ہاں میں ہاں ملانے والے کچھ لوگ انہیں مل بھی جائیں۔

لیکن جب اپنے گھر کی تزئین و آرائش کا معاملہ درپیش ہو تو جوزا افراد کی سمجھ میں کچھ نہیں آتا، وہ کوئی فیصلہ کرنے سے بالکل قاصر رہتے ہیں، انہیں اس کا بھی شعور نہیں ہوتا کہ کمرے کی دیواریں کس رنگ کی ہوں اور ان میں کس رنگ کے پردے موزوں رہیں گے لیکن انہیں اس بات کی زیادہ پروا بھی نہیں ہوتی کیوں کہ وہ بنیادی طور پر اپنے دماغ میں رہتے ہیں لہٰذا انہیں اس بات کی فکر نہیں ہوتی کہ ان کے اردگرد کیسی آسائش ہو۔

جوزا افراد بطور محبوب نہایت غیر ذمہ دار اور ناقابل اعتبار ہوتے ہیں، ان کے جذبوں میں کوئی پائیداری نہیں ہوتی، محبت کے عملی مظاہرے کے دوران میں کوئی بھی دلچسپ شے ان کی توجہ اپنی طرف مبذول کرلے گی، وہ میز پر رکھی ہوئی کتاب یا دیوار پر ٹنگی ہوئی کوئی تصویر بھی ہوسکتی ہے لیکن وہ اس پر کوئی نہ کوئی تبصرہ ضرور کریں گے اور آپ سے یہ توقع کریں گے کہ آپ عام الفاظ میں اس کا کوئی منطقی جواب بھی دیں، اگر آپ کی زبان سے جواب نکل گیا تو عملی اظہار دوبارہ جاری ہوجائے گا' جوزا کے لیے جنسی عمل کے دوران ایسی غیر معقول حرکت کرنا ایک عام سی بات ہے لیکن دوسروں کے لیے انتہائی تکلیف دہ ہوسکتی ہے۔

جوزا افراد کے نزدیک الفاظ کی بڑی اہمیت ہے، انہیں گفتگو کرکے اور خوش گوار یادوں سے کھیل کر تحفظ کا احساس ہوتا ہے، گفتگو اکثر ان کے ذہن میں ہوتی ہے، وہ معلومات کو جذب کرنے اور فوراً انہیں اپنے ذہن میں' اپنے الفاظ میں تبدیل کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

ایک جوزا کو معلومات دوسروں تک پہنچا کر بہت خوشی حاصل ہوتی ہے اور وہ محض اس عمل سے لطف اندوز ہونے کی خاطر اطلاعات دوسروں تک پہنچاتا ہے، کچھ لوگ صرف اپنے لیے علم میں اضافہ کرتے ہیں، ایک جوزا جو کچھ پڑھتا ہے، اس کا دوسری کتابوں کے نسخوں سے موازنہ کرتا ہے، اسے سہل بناتا ہے اور یہ تصور کرتا ہے کہ اس کے بارے میں کسی کو بتائے گا اور وہ یہ سب کچھ بیک وقت کرتا ہے۔

جوزا افراد ہر چیز کو الفاظ کا جامہ پہنانے کے اہل ہونا چاہتے ہیں، اس میں کوئی شک نہیں کہ بعض جذبات کو الفاظ کا روپ دیا جاسکتا ہے، جوزا ان سے گتھم گتھا رہے گا اور آخر میں انہیں ایک طرف رکھ دے گا، جذبات کو ذہن کی چھلنی سے فلٹر کرنے کا یہ عمل یا تو نتیجہ خیز ثابت ہوتا ہے یا پھر وہ اس سے دست کش ہوجاتا ہے۔

جوزا افراد کا مشاہدہ غضب کا ہوتا ہے، جگہ سے ہٹی ہوئی کتابیں، کوئی نئی گھڑی یا خبر کوئی بھی شے ان کی نگاہ سے نہیں بچ سکتی، یہی وجہ ہے کہ جوزا افراد بہت اچھے ڈرائیور ہوتے ہیں لیکن جب وہ ڈرائیونگ کے دوران کسی دکان سے نکلتے یا راہ چلتے ہوئے کسی دوست کی نشان دہی کریں گے جس کی ایک جھلک ممکن ہے آپ کو بھی نظر

آئی ہو یا کسی نامور ہستی کو پہچان لیں گے جو آپ سے دو لائن آگے اپنی کار میں ہو تو آپ حیران ہو کر سوچیں گے کہ کیا ان کا دھیان واقعی روڈ پر ہے! پریشان نہ ہوں، جوزا افراد ایک ہی وقت میں دو مقامات پر ہو سکتے ہیں، آپ محفوظ ہاتھوں میں ہیں۔

اتنی ڈھیر ساری صلاحیتوں کے باوجود جب لوگوں کو یہ پتا چلتا ہے کہ جوزا لوگوں کو اپنے اوپر بھروسا نہیں ہوتا تو لوگ شک میں پڑ جاتے ہیں، خود اعتمادی کے اس فقدان کو اکثر طنز و مزاح کے پردے میں چھپا دیا جاتا ہے، ایک جوزا کو یہ قبول ہے کہ وہ سرے سے کوئی کام ہی نہ کرے اور اسے غیر معتبر اور نا قابل بھروسا سمجھا جائے لیکن اسے یہ گوارا نہیں کہ وہ کوئی کام برے طریقے سے انجام دے اور اسے نا اہل اور گھامڑ سمجھا جائے۔

اس کا یہ مطلب ہے کہ جوزا افراد اپنے آپ کو کسی نئے کام میں آزمانے سے گھبراتے ہیں، وہ اپنی کم علمی کو چرب زبانی سے تو چھپا لیتے ہیں اور لوگ بھی ان کی بصیرت سے مرعوب ہو جاتے ہیں لیکن وہ اس خیال سے کسی بڑے کام میں ہاتھ ڈالنے سے ڈرتے ہیں اور آگے نہیں بڑھتے کہ کہیں انہیں احمق نہ تصور کیا جائے، یہ بہت بڑا المیہ ہے کیوں کہ جوزا لوگوں کا لچک دار ذہن انتظامیہ کی بالائی سطح پر کردار ادا کرنے میں بہت کار آمد ہو سکتا ہے۔

پیشہ ورانہ سرگرمیاں

لوگ جوزا کے ساتھ کام کر کے خوش ہوتے ہیں کیوں کہ وہ اپنی خوش مزاجی اور لطیفہ گوئی یا چٹکلے بازی سے سب کو محظوظ کرتے ہیں، وہ سماجی طبقے میں ایک دوسرے کو ملانے والے اور دفتر میں سب سے اچھا ربط ضبط رکھنے والے ہوتے ہیں چوں کہ وہ دفتر میں سن گن لیتے رہتے ہیں لہٰذا ان کے پاس چٹپٹی خبریں بھی ہوتی ہیں۔

عطارد کی حاکمیت میں جوزا افراد بہت اچھے سیلز مین اور صحافی ثابت ہوتے ہیں لیکن چوں کہ وہ ہاتھ سے کام کرنا پسند کرتے ہیں اور بڑے چابک دست ہوتے ہیں لہٰذا بڑھئی کے کام، جیولری اور ٹیکسٹائل میں بھی اچھے رہتے ہیں، وہ بہت اچھے ٹائپسٹ بھی ہوتے ہیں، ان کی باتیں بہت اثر انگیز ہوتی ہیں، ان میں شعبدہ بازی کی بھی صلاحیت ہوتی ہے، اپنی رابطے کی صلاحیت کی وجہ سے وہ بہت اچھے معلم ہو سکتے ہیں، خاص طور سے ہائی اسکول کے طلبہ کے، کیوں کہ ان سے تبادلۂ خیال کرنا آسان ہوتا ہے آج کے دور میں آئی ٹی کا شعبہ جوزا افراد کے لیے بہت مناسب ہے۔

جوزا کی صحت

جوزا ہاتھ، بازو اور پھیپھڑے کے علاقوں پر حکومت کرتا ہے لہٰذا جوزا افراد کو ان علاقوں میں نقصان پہنچ سکتا ہے اور وہ انفیکشن کا شکار ہو سکتے ہیں۔ (پھیپھڑوں میں انفیکشن کے احتمال کی وجہ سے بھی انہیں سگریٹ نوشی سے پرہیز کرنا چاہیے)

مستقل ذہنی سرگرمیوں اور کمزور پھیپھڑوں کی وجہ سے جوزا افراد کو تازہ پھلوں اور سبزیوں کی ضرورت ہوتی ہے، نارنجی رنگ کی غذاؤں جیسے نارنگیاں، گلابی چکوترے، شفتالو اور خوبانیاں ان کے لیے اضافی فائدہ مند ہوں گی جو ان کے پھیپھڑوں کو ڈھیلا کریں گی اور بلغم بننے سے روکیں گی، انہیں بلغم رفع کرنے کے لیے ڈھیر سارا پانی اور گاجر کا رس استعمال کرتے رہنا چاہیے۔ اگر بلغم زیادہ بنتا ہو تو انہیں دودھ، مکھن وغیرہ کے استعمال کو کم کرنا چاہیے۔

جوزا لوگوں کا ذہن چوں کہ ہر وقت مصروف رہتا ہے لہٰذا انہیں سکون حاصل کرنے میں دشواری ہوتی ہے، انہیں چاہیے کہ وہ رات میں سونے سے پہلے شکم سیر ہو کر کھانے اور دن میں بے وقت چائے یا کافی پینے سے پرہیز کریں۔

ذہنی سکون حاصل کرنے کے لیے مراقبہ نہایت عمدہ ہے' منظر کی تبدیلی بھی مفید ہے، مراقبے کے دوران میں سانس پر خاص دھیان دیں، سانسیں باقاعدہ اور گہری ہونی چاہئیں۔

بدقسمتی سے اس دہری علامت کا یہ مطلب ہو سکتا ہے کہ وہ ایک ہی وقت میں دہرے امراض کا شکار ہوں، جوزا کی عام تکلیفوں میں انیمیا، اعصابی بے قاعدگی، کندھوں کا اکڑاؤ، بازوؤں اور انگلیوں کے زخم یا امراض، پیروں میں درد، سینے کی تکلیف، سانس لینے میں دشواری، مناسب آکسیجن کی کمی، حلق میں تکلیف، ٹی بی اور پھیپھڑوں میں پانی آجانا شامل ہے۔

خوشبو سے علاج کے لیے پودینہ، لیونڈر، لیموں کی پتیاں، گل لالہ اور پیپر منٹ کی خوشبو ان کے لیے فائدہ مند ہے۔

جوزا شریک حیات

کوئی جوزا آپ کو کسی تقریب میں کھانے کی ٹیبل کے آس پاس نظر نہیں آئے گا بلکہ وہ کسی گوشے میں کسی سے گپ شپ لڑاتا ہوا' مشروبات سے لطف اندوز ہوتا ملے گا۔

جوزا افراد کو اچھی باتیں کرنا اچھا لگتا ہے اور ذہین لوگ بھی اچھے لگتے ہیں لہٰذا ذرا سا اس کے قریب ہو جائیں اور سلام دعا کریں تو جواباً جوزا کے چہرے پر فوراً مسکراہٹ آ جائے گی' ان کا شمار ان معدودے چند برجوں میں ہوتا ہے جو شیریں اندازِ تخاطب سے خوش ہو جاتے ہیں، اگر یہ آشنائی دلچسپ اور رومان انگیز ہو تو وہ لطف اندوز ہوں گے اور جب تک آپ ان سے فلرٹ کرتی رہیں گی، وہ محظوظ ہوتے رہیں گے۔

کسی جوزا سے معاشقہ لڑاتے ہوئے غالب ہونے کی نہیں بلکہ مغلوب ہونے کی کوشش کریں' ان کا اتالیق بننے سے گریز کریں' یہ لوگ ہر چالاکی اور فریب سے بہت اچھی طرح واقف ہیں، حقیقت یہ ہے کہ پیار میں دھوکا اور فریب انہوں نے ہی تخلیق کیا ہے اور یہ انہی کا کھیل ہے لہٰذا ان کے کھیل میں انہیں مات دینے کی کوشش مت کریں، وہ آپ کو مات دے کر بہت خوش ہوں گے۔

جوزا افراد کو اپنا ہاتھ اور بازو چھوا جانا پسند ہے اور وہ خاص طور سے اس حوالے سے بہت حساس ہوتے ہیں، اگر کسی جوزا خاتون کے ہاتھ کو بوسہ دیا جائے تو وہ بہت خوش ہوگی کیوں کہ اس طرح اسے اپنی آنکھیں مٹکانے اور اپنی مخروطی انگلیوں کی نمائش کرنے کا بھی موقع ملے گا۔

پہلی بار ساتھ نکل رہے ہوں تو کوئی فلم دیکھنا اور بعد میں کسی عمدہ سے کیفے میں کافی پینا بہت عمدہ تجویز ہوگی' جوزا کو گفتگو کرنے اور اس گفتگو سے کچھ جاننے اور لطف اندوز ہونے کے لیے فلم کا موضوع مل جائے گا۔

جوزا کے لیے تحفہ

کتابیں، موسیقی، ویڈیو یا ایسی کوئی بھی چیز جو ان کے علم کی پیاس بجھائے، قابل قدر ہوگی، اسی طرح وہ تھیٹر، کنسرٹ یا کسی تفریحی سفر پر جانا پسند کریں گے جہاں تفریح کے موقع حاصل ہو سکیں، تحفے کا بہت قیمتی یا کوالٹی برانڈ کا ہونا ان کے لیے اتنا متاثر کن نہیں جتنا اس کا دلچسپ اور تخلیقی نوعیت کا ہونا متاثر کن ہے لہٰذا کسی ایسی شے کے بارے میں سوچیں جو ذرا نفیس قسم کی ہو اور اگر اس سے کوئی چھوٹی سی کہانی بھی وابستہ ہو تو یہ اور بھی اچھی بات ہے، وہ اپنے دوستوں کو اس دلچسپ تحفے کے بارے میں بتا کر بہت خوش ہوں گے جو آپ نے انہیں دیا ہے۔

صرف خواتین کے لیے

وہ کیسا ہے؟

وہ یار باش ہے، اس کی صحبت میں اچھا وقت گزرتا ہے' وہ محفلوں اور پارٹیوں کا بہت شوقین ہے' لوگوں میں رہنا پسند کرتا ہے اور ہمیشہ کچھ نہ کچھ کرتے رہنا چاہتا ہے۔

جوزا جذباتی کم اور اس کے مقابلے میں بہت زیادہ دماغی ہے اور کبھی کبھی وہ بے حسی کا بھی مظاہرہ کر سکتا ہے' اس کی شخصیت مجنونانہ، سرپھری اور انتہائی دلکش ہے' اسی طرح اس کے دماغ کو بھی قرار حاصل نہیں ہے' اس کے افعال متضاد اور اس کے جذبات مشکوک اور غیر یقینی ہیں' بنیادی طور پر وہ ایک ایسی سنسنی خیزی اور تفریح کا دلدادہ ہے جس میں وہ گم ہو کر وقت کا سراغ کھو بیٹھے' یہ ایک ایسی پیاس ہے جس کا کوئی انت نہیں ہے' اکثر اسے ایسی لمحاتی رنگینی اور ذہنی عیاشی کا سامان حاصل ہو جاتا ہے۔

وہ جو سوچتا ہے' اسے حاصل کرنا چاہتا ہے؟

چونکہ وہ کسی چیز میں بہت جلد اپنی دلچسپی کھو دیتا ہے لہٰذا اسے ہمیشہ کوئی ایسی تفریح چاہیے جس میں وہ مگن ہو سکے چونکہ اس کا وجود ذہنی ہے، اس کا پھرتیلا ذہن تفریح کو مزید آگے بڑھانے کے لیے فوری کچھ نہ کچھ سوچ لیتا ہے' وہ نہ صرف یہ چاہتا ہے کہ کوئی اس سے باتیں کرے بلکہ یہ بھی چاہتا ہے کہ اس کی دلبستگی کا فوری سامان کیا جائے جو ذہانت سے پُر اور پُرمغز ہو' اس کی کاملیت پسندی کا وہ پہلو کسی حسینہ کی بھی آرزو کرتا ہے جو دور سے اسے اشارے کر رہی ہو' زندگی کے بعد کے ایام میں وہ عام طور سے اس بات کا ادراک کرتا ہے کہ اسے وہ سب کچھ نہیں مل سکتا جو وہ چاہتا ہے کیوں کہ اسے تو سب کچھ چاہیے' وہ اکثر اس شے کو بہترین سمجھ کر اس پر قانع ہو جاتا ہے جو اسے حاصل ہو جاتی ہے اور خوب تر کی جستجو ترک کر کے شادی کر لیتا ہے لیکن بدقسمتی سے یہ بے چینی اکثر برقرار رہتی ہے اور وہ بدستور منورنجن کا جویا رہتا ہے۔

وہ کیا چاہتا ہے؟

اس کے ساتھ ذہنی گیم سے لے کر سنجیدہ ذہنی کاوشوں تک مختلف قسم کے چیلنج مستقل پیش آتے رہنے چاہئیں' یہ ایک ایسا شخص ہے جو ڈھیر ساری جذباتی یقین دہانیوں کے ساتھ ساتھ چالاکی کا سلسلہ جاری رکھتا ہے یعنی لارے لپے دیتا رہتا

ہے اس کا بہترین جوڑ وہ عورت ہے جو سنسنی خیز حس مزاح کی حامل ہونے کے ساتھ ہی ویسی ہی ذہنی، جوشیلی اور پل پل رنگ بدلنے والی ہو جیسا وہ ہے۔

جوزا مرد کو گھر کی بنی ہوئی کسی انتہائی لذیذ ڈش سے زیادہ کوئی نئی سنسنی خیز بصیرت عزیز ہے اسے کچھ نہ کچھ نیا سوجھتا رہنا چاہیے لہٰذا اس کے لیے کھانا پکانے کی زحمت بھی نہ کریں اس کے بجائے اس کے ساتھ خوب ہنسیں اور فقرے چست کرتی رہیں اسی سے اس کا پیٹ بھر جائے گا۔

وہ کس سے ڈرتا ہے؟

وہ قید و بند اور محدود ہو جانے سے ڈرتا ہے محض اس کے تصور ہی سے اس کا دم گھٹنے لگتا ہے اسے بدہضمی ہو جاتی ہے اور وہ بے خوابی کا مریض ہو جاتا ہے جن دنوں اس پر سستی سوار ہو، ان دنوں بھی وہ پارے کی طرح حرکت کرتا ہے لیکن جب وہ یہ محسوس کرے گا کہ آپ اسے پکڑنے آ رہے ہیں تو وہ اور بھی تیزی سے بھاگے گا اس کے نزدیک تبدیلی ہی واحد استحکام ہے اس سے کبھی بھی یہ پوچھنے کی جرأت نہ کریں کہ کیا وہ سمجھتا ہے کہ وہ آئندہ کچھ عرصے میں کوئی مستقل بنیاد پر فیصلہ کرلے گا؟ یہ پوچھنا اپنی موت کو دعوت دینے کے مترادف ہوگا اسے اس کا مبہم ترین آئیڈیا بھی نہیں ہے کہ اگلے دو ہفتے میں وہ کیا کرے گا؟ کیا محسوس کرے گا؟ کیا سوچے گا؟ یا اسے کس بات کا اندیشہ ہوگا؟ اور اگر وہ کچھ کرنے کی ٹھان بھی لے تو یہ طے ہے کہ وہ اسی دوران اپنا ارادہ بدل دے گا اس پر بھروسا کرنے کا مطلب یہ ہوگا کہ آپ آسمان سے گریں گی اور کھجور میں بھی نہیں اٹکیں گی دوسرے یہ کہ اگر آپ اسے بتا دیں کہ فی الحال آپ اس سے محبت کرتی ہیں تو ہوسکتا ہے کہ آپ اسے ہمیشہ کے لیے پالیں۔

عورت، محبت اور جنس کے معاملے میں اس کا رویہ؟

وہ عورتوں کا شیدائی ہے اور چاہتا ہے کہ بیشتر اوقات ڈھیر ساری عورتوں میں گھرا رہے۔

جوزا پیدائشی فلرٹ ہوتا ہے فلرٹ کرنا اس کے لیے اتنا ہی فطری ہے جیسے کھانا اور پینا اس کے بغیر وہ زندہ نہیں رہ سکتا چاہے وہ اس بات سے واقف ہو یا نہ ہو لیکن اس کی آنکھوں کی چمک اور ہونٹوں پر کھیلتی ہوئی خفیف سی چاپلوسی کی مسکراہٹ عورتوں کے ایک ہجوم کو اس کی طرف متوجہ کر دیتی ہے بنیادی طور پر وہ جذباتی اعتبار سے بھونرا صفت ہے، اسے عورتوں کے ساتھ فلرٹ کرنے میں بہت مزہ آتا ہے لیکن اس کے ساتھ ہی وہ اندر ہی اندر اس بات سے ڈرتا ہے کہ اگر وہ کسی کے عشق میں مبتلا ہو گیا تو اس کی آزادی سلب ہو جائے گی اور اپنی آزادی سے بہت عزیز ہے۔

اگرچہ وہ حسد سے سخت نفرت کرتا ہے او وہ اسے سمجھنے سے قاصر رہتا ہے تاہم اس کی یار باش طبیعت اور خود اعتمادی سے محروم رویہ اکثر اس چیز کو جنم دیتا ہے وہ یہ سمجھنے سے قاصر ہے کہ اس کی دوستی کو فلرٹ سے کیوں تعبیر کیا جاتا ہے اور اس کے فلرٹ کے بارے میں یہ کیسے سمجھ لیا جاتا ہے کہ وہ کسی کے عشق میں مبتلا ہو گیا ہے بنیادی طور پر محبت کے بارے میں اس کا فلسفہ یہ ہے کہ وہ سب سے محبت کرتا ہے لیکن مختلف طریقوں سے، مختلف وقتوں میں، مختلف وجوہ سے لیکن ہمیشہ ایک فاصلہ رکھ کر۔

مزے کی بات یہ ہے کہ وہ ایسے تعلق کے لیے نہایت ہی مناسب ہے جو اسے اس دھوکے میں رکھے کہ وہ پوری طرح آزاد ہے اور پیچھے سے آ کر اسے دبوچ لے پھر بھی یہ ضروری نہیں ہے کہ وہ وفادار ہی ثابت ہوگا۔

جوزا افراد سوائے زمانہ ہرجائی ہوتے ہیں جو مباشرت کی خواہش یا جذباتی تحفظ سے کہیں زیادہ کسی نئے شخص کے انوکھے پن کے گرویدہ ہو جاتے ہیں رومانوی اعتبار سے جوزا متلون مزاج اور ناپائیدار ہوتا ہے اور دل کے آگے دماغ کی نہیں سنتا وہ صرف اسی وقت دماغ کی سنتا ہے جب اس کا ذہن صحیح معنوں میں کسی کا گرویدہ ہو جائے تب وہ جذباتی اعتبار سے خود کو کسی سے وابستہ ہوتا ہوا محسوس کرتا ہے اس کے جنسی جذبے کی کلید یہ ہے کہ وہ اس ہستی کے بارے میں کیا سوچتا ہے جس کے ساتھ وہ ہم بستر ہونے والا ہے مسئلہ یہ ہے کہ وہ اکثر فیصلہ نہیں کر پاتا۔

اس کی خوبیاں؟

وہ دلچسپ ہے، ذہین، چالاک، پُرمزاح، دلکش، گرم جوش اور جدت طراز ہے عام طور سے اس سے بچنا محال ہوتا ہے اگر آپ افسردہ ہیں تو وہ آپ کو ہنسا سکتا ہے اور اگر آپ بہت خوش ہیں تو اس کی ایک مسکراہٹ آپ کی خوشی میں اضافہ کرسکتی ہے گرمیوں میں اس کی شخصیت کسی مشروب سے زیادہ پرلطف ہے ایک گھنٹہ اس کے ساتھ گزار کر آپ بھول جائیں گی کہ بوریت بھی کوئی چیز ہے۔

(بقیہ صفحہ نمبر 41 پر)

خصوصی عزیمت رجعت ونحوست سیارگان

یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا حَافِظُ یَا نَاصِرُ یَا مُعِیْنُ یَا شَافِیُ یَا کَافِیُ یَا قَادِرُ یَا کَرِیْمُ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ بِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ اَحْفِظْنِیْ مِنَ النُّحُوْسَتُ الشَّمْسُ وَالْقَمَر وَالْمُشْتَرِی وَالزُّحَل وَالزُّھْرَہ وَالْعُطَارِد وَالْمَرِیْخ وَالرَّاس وَالذَّنب بِحَقِّ یَا اَللّٰہُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَد صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّآلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْن ٥ اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا بھی درود شریف پڑھ لیں- بچوں کیلئے والدین بھی پڑھ سکتے ہیں- اگر آپ مندرجہ بالا عزیمت کو صرف 9 بار روزانہ پڑھنا اپنا معمول بنالیں تو پھر کسی سیارے کی نحوست آپکے قریب نہ آئیگی- میری طرف سے آپکو اس عمل کی عام اجازت ہے- **دعا گو عامل شاہ زنجانی**

جن قارئین کو اپنی صحیح تاریخ پیدائش یاد نہیں وہ برج دو طرح سے معلوم کر سکتے ہیں- ایک نام کے پہلے حرف سے اور دوسرا حروف ابجد سے- پھر تحقیق کریں کہ برج کا احوال ان پر صحیح بیٹھتا ہے۔

پہلا طریقہ آپکے نام نامی میں جو پہلا حرف ہے اسی سے برج بنتا ہے- ذیل میں دیئے گئے بارہ بروج میں سے اپنے نام کا پہلا حرف تلاش کر کے پہلے برج معلوم کریں پھر اسی برج کے تحت نیک وبد حالات ملاحظہ فرمائیں- ساتھ ہی اپنا ستارہ اور برج معلوم کر کے ادارہ آئینہ قسمت سے مفت مشورہ بذریعہ کوپن لے کر نگینہ پہنیں-

دوسرا طریقہ اگر خدا نخواستہ نام برج سے آپ کے حالات درست نہ آتے ہوں تو اس طریقہ سے اپنے نام کا برج معلوم کریں- اپنا مکمل نام اور اپنی والدہ کے نام کے حروف ابجد قمری سے اعداد نکالیں اور ان کو بارہ پر تقسیم کریں- اگر باقی 1 بچے تو برج حمل ہے- اگر 2 باقی بچے تو ثور- 3 بچے تو جوزا- 4 بچے تو سرطان- 5 بچے اسد- 6 بچے تو سنبلہ- 7 بچے تو میزان- 8 بچے تو عقرب- 9 بچے تو قوس- 10 بچے تو جدی- 11 بچے تو دلو اور اگر 0 باقی بچے تو برج حوت ہوگا-

نوٹ صحیح تاریخ پیدائش معلوم ہو تو ان قواعد کو نظرانداز کر دیں-

حروف ابجد قمری

ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی
1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
ک	ل	م	ن	س	ع	ف	ص	ق	ر
20	30	40	50	60	70	80	90	100	200
ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ		
300	400	500	600	700	800	900	1000		

آپکا ماہ جون 2016 کیسا رہے گا

astrology june

فہرست

ARIES

21 Marc
20 April

حمل

ستارہ: مریخ ♂
حروف: ال ع
دن: منگل
عدد: 9
رنگ: سرخ یا قرمزی
پتھر: یاقوت، مرجان، سرخ عقیق، ہیرا

Element Fire
Ruling Planet Mars
Symbol: The Ram
Your Stone: Ruby
Life Pursuit: The thrill of the moment.
Secret Desire: To lead the way for others.

آپکا حاکم ستارہ مریخ تمام ماہ آٹھویں حالتِ رجعت میں ہونے کے سبب حالات حسب منشاء نہ رہ سکیں اور بزرگوں کی دعاؤں کے علاوہ اُن کے تجربات سے بھی فائدہ اُٹھائیں۔ وراثتی قانونی امور کی پیچیدگیوں کیلئے جلد بازی سے اجتناب اور مخلص احباب کے تعاون و مشاورت پر بھروسہ رکھیں۔ خانۂ مال میں ماہ کے شروع میں عطارد کی نشست کے سبب مالی مسائل کا خاتمہ اور آمدن کے وسائل میں اضافہ کے امکان روشن۔ **5,4** جون خانۂ مال کے مالک زہرہ کا دسویں گیارہویں کے مالک زحل سے مقابلہ کے باعث اِن ایام میں مالی لین دین اور کاروباری معاہدے اور حلقہ احباب کو قرض دینے سے گریز کریں واپسی ممکن نہ ہوسکے۔ **9,8** جون عطارد مریخ مقابلہ کے باعث جلد بازی میں کئے گئے فیصلے پریشانی کا باعث لہٰذا صبر و تحمل سے کام لیں اور بحث و تکرار سے گریز اور مخلص بزرگوں سے مشاورت کرتے رہیں۔ صدقات ضرور دیں۔

پہلا ہفتہ : ملازم پیشہ افراد کیلئے یہ ہفتہ خاص اہمیت کا حامل ہوگا۔ سواری لے سکیں گے۔ سیر و سیاحت کا پروگرام بنا سکیں گے۔ بہت سے کام خود بخود سُدھر جائیں گے۔ آپ کی سحر انگیز گفتگو دوسروں پر اثر انداز ہوں گی جس سے آپ کی اہمیت میں اضافہ ہوسکے گا۔ گھریلو سواری سے متعلقہ امور کو اہمیت دیں۔ اولاد والی امور بھی اہم رہیں۔

دوسرا ہفتہ : محبت سے متعلقہ معاملات بہتر اور سفر کا پروگرام بن سکتا ہے۔ اولاد راحت کا باعث ہوگی اور انعام وغیرہ یا پرائز بانڈ نکل سکتے ہیں۔ جذبات و غصے پر قابو پانے کی کوشش کیجئے ورنہ نقصان دہ ثابت ہوگا۔ اہم کاموں میں رخنہ اندازی از قسم جائیداد ٹریفک حادثات کا اندیشہ ہے اولاد کے تفکرات اور غصے و جذبات پر قابو رکھنا مشکل ہوگا لیکن تحمل مزاجی سے کام لیجئے اِسی میں بہتری ہے۔

تیسرا ہفتہ : خواہشات پوری ہونے سے انجانی خوشی محسوس ہوگی۔ صحت متاثر ہوسکتی ہے۔ لہٰذا خوراک کا خاص خیال رکھیں۔ نامکمل کام بخوبی انجام کو پہنچے گا۔ جس سے ڈپریشن میں کمی آئے گی۔ شخصیت میں نکھار کے ساتھ سوچ میں بھی پختگی آئے گی جو کہ فائدہ مند ہوگی۔ کاروباری امور پریشانی لا سکتے ہیں لیکن معاملات جلد بہتر ہوسکیں گے۔ گھریلو ماحول کی طرف توجہ دیجئے اور ذہنی سکون برباد نہ ہونے دیں۔ نصیب یاوری میں ابھی تاخیر ہے۔

چوتھا ہفتہ : بحث و تکرار سے گریز کریں ورنہ لڑائی جھگڑے کا اندیشہ ہے جس سے مسائل اور پریشانی میں اضافے کے سوا کچھ حاصل نہ ہوگا ازدواجی زندگی مسائل کا شکار ہوسکتی ہے۔ شراکتی کاروبار وسعت اختیار کر سکے گا جس کے باعث مالی پوزیشن بھی مزید بہتر ہوگی۔ جلد بازی سے گریز کریں ورنہ حالات پریشانی لا سکتے ہیں۔ قانونی و وراثتی امور پیش آئیں گے۔

سعد تواریخ: 17,27,12,8 جون **نحس تواریخ**: 24,10,9,4 جون

TAURUS

21 April
21 May

ثور

ستارہ: زہرہ ♀
حروف: ب۔و
دن: جمعہ
عدد: 6
رنگ: ہلکا نیلا یا سبز
پتھر: اوپل، سبز پکھراج

Element Earth
Ruling Planet: Venus
Symbol: The Bull
Your Stone: Emerald
Life Pursuit: Emotional and financial security.
Secret Desire: To have a secure, happy and wealthy life/ marriage.

آپکا حاکم ستارہ زہرہ یکم تا **17** جون خانہ مال ہمراہ شمس ہونے سے مالی امور و مسائل ہائی لائٹ رہیں اور بہتر حکمتِ عملی کی ضرورت ہو۔ **18** تا **30** جون زہرہ تیسرے رہتے ہوئے عزیز و اقارب، بہن بھائی اور ہمسائیوں کیساتھ تعلقات خوشگوار رکھے۔ جبکہ سفر وسیلۂ ظفر ثابت ہو۔ **4,3** جون زہرہ نیپچون تربیع کے باعث عشق و محبت کے امور حساس اور کام میں خامیوں کا خدشہ محتاط رہیں اور فیصلے کرتے وقت مخلص احباب سے مشاورت ضرور کریں۔ **5,4** جون زہرہ زحل مقابلہ کے باعث سنجیدہ سماجی امور اور دوسروں سے تعلقات حسب منشاء نہ رہ سکیں۔ **6,5** جون زہرہ مشتری تربیع کے باعث حالات کا غلط تعین محتاط رہیں اور صدقات دیں۔ **8,7** جون شمس زہرہ قران سے حالات میں خوشگواری کا احساس اور دوسروں کے ساتھ مشترکہ امور کا آغاز جبکہ آئیڈیاز سے عزت ملے۔ **13,12** جون زہرہ یورانس تسدیس کے باعث منفرد خیالات و سوچ کا اظہار۔ تخلیقی صلاحیتوں میں اضافہ۔ **28,27** جون زہرہ نیپچون تثلیث سے عشق و محبت کے امور حساس اور مثبت و مستحکم فیصلے کر سکیں۔ خواہشات جنم لیں۔ **30,29** جون زہرہ پلوٹو مقابلہ کے باعث حاسدین سے محتاط رہنے کی ضرورت اور جنسِ مخالف کا کوئی فرد ذہنی پریشانی کا باعث ہو محتاط رہیں۔

پہلا ہفتہ : شخصیت میں نکھار آئے گا۔ کاروباری معاملات مسائل کا شکار رہیں گے۔ بحث و تکرار سے گریز کریں ورنہ لڑائی کی صورت پیش آ سکتی ہے۔ بہت سے کام خود بخود سُدھر جائیں گے۔ التواء میں پڑے ہوئے کام انجام کو پہنچ سکیں گے۔ مالی و وراثتی مسائل کا حل لائے گا۔ اس دوران پرائز بانڈ جیسے امور خاص اہمیت کے حامل ہوں گے۔ مہمانوں کی آمد متوقع ہے۔

دوسرا ہفتہ : ملازم پیشہ افراد سیر و سیاحت کا پروگرام بنا سکیں گے۔ شراکتی کاروبار وسعت اختیار کر سکے گا۔ خواہشات پوری ہونے سے انجانی خوشی محسوس ہوگی۔ بچے راحت کا باعث ہوں گے۔ دوسروں سے تعلقات میں کشیدگی ممکن ہے۔ سماجی امور سنجیدہ رہیں گے۔ والدین شفقت فرمائیں گے جس سے گھریلو ماحول پرسکون رہ سکے گا۔ بچوں کے تعلیمی امور توجہ طلب ہونگے۔ خریداری کا موقع ملے گا۔

تیسرا ہفتہ : ملازمت سے متعلقہ معاملات احسن طور پر چل سکیں گے اور عزیزوں کی قربت حاصل رہے گی۔ نامکمل کام بخوبی انجام کو پہنچے گا۔ خواہشات کی تکمیل اور محبت سے متعلقہ معاملات میں خاطر خواہ فائدہ ہوگا۔ حالات حاضرہ سے مستقبل کا غلط اندازہ لگا سکیں گے۔ شراکتی امور پریشانی کا باعث بن سکتے ہیں۔ شریک حیات و شریک کار سے محتاط رویہ اپنائیں تاکہ کشیدگی پیدا نہ ہو۔

چوتھا ہفتہ : ازدواجی زندگی مسائل کا شکار ہوسکتی ہے۔ زیادہ تر توجہ تخلیقی کاموں کی طرف رہے گی۔ صحت بہتر رہے گی۔ وراثت سے متعلقہ معاملات احسن طریقے سے حل ہوسکیں گے۔ تخلیقی صلاحیتیں نکھر سکیں گی۔ دوست احباب مددگار رہیں گے اور خواہشات پوری ہوسکتی ہیں۔ عشق و محبت کے معاملات حساس رہیں گے لہٰذا محتاط رہیے۔ کام میں خامیاں رہ سکتی ہیں فیصلے کرتے وقت بزرگوں کی مشاورت ضروری ہے کیریئر میں بہتری کی اُمید ہوسکتی ہے۔

سعد تواریخ: 26,15,7 جون **نحس تواریخ**: 28,12,20 جون

GEMINI جوزا

22 May – 21 June

ستارہ: عطارد
حروف: ق ک
دن: بدھ
عدد: 5
رنگ: پیلا یا ملتے جلتے
پتھر: عقیق سبز، زمرد، فیروزہ

Element: Air
Ruling Planet: Mercury
Symbol: The Twins
Your Stone: Aquamarine
Life Pursuit: To Explore a little bit of everything.
Secret Desire: To be ahead of the crowd.

آپ کا حاکم ستارہ یکم تا 12 جون بارہویں رہتے ہوئے ذہنی طور پر خواہ مخواہ کا ڈپریشن اور منتشر خیالات صبر و تحمل کی ضرورت۔ جبکہ 13 تا 29 جون عطارد طالع میں رہتے ہوئے حالات میں بتدریج بہتری اور ذہنی کیفیت خوشگواری کا احساس دلائے۔ 9,8 جون عطارد مریخ مقابلہ کے باعث مسائل پریشانی کاموں میں رکاوٹ اور بحث و تکرار سے گریز کریں۔ صدقات دیں۔ 21,20 جون عطارد زحل مقابلہ کے باعث تنگ نظری اور مقاصد میں کامیابی کیلئے حدود میں رہنے کی ضرورت 21,20 جون ہی عطارد نیپچون تربیع کے باعث سوچ مثبت رکھنے کی ضرورت ہے۔ غلط فہمیوں کا ازالہ ضروری ہو۔ بزرگوں سے مشاورت شامل حال رکھیں۔ 24,23 جون عطارد مشتری تربیع کے باعث خود اعتمادی میں بحالی کیلئے اقدامات کی اشد ضرورت رہے۔ مخلص احباب کا تعاون شامل حال رکھیں۔ 28,27 جون عطارد یورانس تسدیس کے باعث تجرباتی رویہ سے مسائل کا حل ہو سکے اور نظریات و خیالات کا اظہار ممکن ہو۔

پہلا ہفتہ: ممکنہ سیر و سیاحت کا پروگرام خوشگوار گزرے گا۔ مقاصد میں کامیابی ہو سکے گی۔ کاروبار وسعت اختیار کر سکے گا اور آمدنی میں خاطر خواہ فائدہ کا امکان ہے۔ اولاد راحت کا باعث ہوگی اور انعام وغیرہ یا پرائز بانڈ نکل سکتے ہیں۔ بیرون ملک سفر میں ابھی کچھ تاخیر ہے۔ مسائل سے آزادی دلائے گا۔ ذہن پرسکون رہ سکے گا۔ معاملات میں خوشگوار تبدیلی آ سکے گی۔ مثبت سوچ کے باعث عزت و وقار میں اضافہ ممکن ہے۔

دوسرا ہفتہ: شریک حیات کا تعاون حاصل ہوگا جس سے گھریلو ماحول پرسکون رہے گا۔ بہن بھائیوں کا تعاون رہے گا۔ ملازمت سے متعلقہ معاملات احسن طور پر چل سکیں گے اور عزیزوں کی قربت حاصل رہے گی۔ مالی امور کو خاص اہمیت بخشے گا۔ اس دوران مالی پوزیشن خاصی مستحکم ہو سکے گی۔ بہن بھائیوں و عزیز و اقارب و ہمسائیوں سے تعلقات کو اہمیت دے گا۔ تجرباتی رویہ رہے گا۔

تیسرا ہفتہ: محبت سے متعلقہ معاملات احسن طریقے سے چل سکیں گے۔ بہن بھائیوں اور رشتے داروں کیساتھ تعلقات مستحکم رہیں گے۔ جس سے کافی مسائل خود بخود حل ہو سکیں گے۔ شریک حیات کا تعاون حاصل ہوگا جس سے گھریلو ماحول پرسکون رہے گا۔ ذہن پریشان رہے گا لیکن معاملات جلد بہتری کی طرف راغب ہو سکیں گے لہٰذا بحث و مباحثے سے گریز اور پلاننگ میں بہتری لائیں۔

چوتھا ہفتہ: مالی مسائل کا بھی خاتمہ ہوگا اور شراکتی کاموں کو فروغ ملے گا۔ روحانیت کے شوق میں اضافہ ہو سکے گا۔ قانونی معاملات سے گریز کرنا بہتر رہے گا۔ حاسدین زیر ہو سکیں گے۔ دوستوں کا تعاون حاصل رہے گا جس کے باعث طبیعت خوشگوار رہے گی۔ صبر و تحمل کا مظاہرہ ضروری ہے۔ حالات میں بہتری آ سکے گی۔ خاص طور پر مالی امور میں بہتری اور وراثتی و کلچر سے متعلقہ امور میں آپ کی اہمیت اُجاگر ہو سکے گی۔

سعد تواریخ: 29,18,13,3 جون — **نحس تواریخ**: 27,23,20,10,9 جون

CANCER سرطان

22 June – 23 July

ستارہ: قمر
حروف: ح ہ
دن: پیر
عدد: 2
رنگ: دودھیا
پتھر: درنجف، سفید مرجان

Element: Water
Ruling Planet: The Moon
Symbol: The Crab
Your Stone: Moonstone
Life Pursuit: Constant reassurance and intimacy.
Secret Desire: To feel safe (emotionally, spiritually, romantically and financially).

آپ کا حاکم ستارہ چندر ماں قمر ماہ کے شروع میں ہی 4,3 جون حالتِ شرف 8,7 جون حالتِ عروج اور ماہ کے اختتام میں بھی 30 جون حالتِ شرف میں رہتے ہوئے آپ کو ان سعد تواریخ میں نیک ثمرات سے نواز سکے۔ اور حسب خواہش مقاصد کا حصول دلا سکے اور درپیش مسائل کا ازالہ ممکنات میں سے ہو۔ تیسرے مشتری کی سعادت سفر سے فوائد اور بہن بھائیوں کے علاوہ عزیز و اقارب سے بھی نیک ثمرات مل سکیں یکم تا 20 جون خانہ مال کا مالک شمس بارہویں رہتے ہوئے ناگہانی اخراجات کا اندیشہ۔ مالی پلاننگ کی ضرورت رہے۔ 8,7 جون شمس زہرہ قران سے دوست احباب مالی امور میں تعاون کریں اور خانگی ماحول کے علاوہ زمین جائیداد یا سواری سے بھی مالی آمدن ممکن رہے۔ 24,23 جون عطارد مشتری تربیع سے بیرونِ ملک سفر کی خواہش یا آن لائن یونیورسٹیاں پریشانی کا باعث بنیں۔ اور سفر بھی اشد ضروری ہو تو صدقہ دے کر کریں۔

پہلا ہفتہ: نصیب یاوری کرنے سے بہت سے پیچیدہ مسائل کا خاتمہ ہوگا اور پریشانی میں کمی آئے گی۔ رشتے دار مددگار رہیں گے۔ سیر و سیاحت کا پروگرام خوشگوار گزرے گا۔ شریک حیات کا تعاون حاصل ہوگا جس سے گھریلو ماحول پرسکون رہے گا۔ قانونی کاموں میں نہایت احتیاط کی ضرورت ہے ورنہ خواہ مخواہ پریشانی ہو سکتی ہے۔ کاروبار وسعت اختیار کر سکے گا۔ نیا کاروبار جلد بہتر نتائج دے سکے گا جس سے راحت و حوصلہ مندی میں اضافہ ہو سکے گا۔

